عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز جمعہ 18 ستمبر 2026ء/ 5 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 170

دہشتگردوں کے دشمن آپریشن کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی

وزیراعلیٰ بلوچستان

سکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں، دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا جائے گا

دہشتگردوں اور سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں، آواران میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آواران میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں قابل تحسین ہیں۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آواران میں کارروائی کے دوران تین دہشتگردوں کو ہلاک (باقی صفحہ 2 نمبر4)

فضائی راستے عارضی طور پر بند، نوٹم جاری

لاہور فلائٹ انفارمیشن ریجن میں پانچ فضائی راستے عارضی طور پر بند رہیں گے

لاہور (جی این ایم) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) نے آپریشنل وجوہات کی بنا پر لاہور کی فضائی حدود میں بعض فضائی راستے عارضی طور پر بند کرنے کا اعلان کرتے ہوئے ایک نیا نوٹم جاری کر دیا۔ جاری کردہ نوٹم کے (باقی صفحہ 2 نمبر3)

نظام کو عوام کو بہتر معیار کی خدمات فراہم کرنی چاہئیں، بلال اظہر کیانی

ڈھانچہ جاتی مسائل کے حل کیلئے ملک کے مجموعی طرز حکمرانی کے نظام کا از سر نو جائزہ لینا اور اسے موثر بنانا ضروری ہے

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے خزانہ محصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ ملک کو در پیش بنیادی مسائل کے حل اور بہتر سروس ڈیلیوری کے لیے وفاق اور صوبوں کے ترجیحات کو یکجا کرنا اور وسائل و اختیارات (باقی صفحہ 2 نمبر2)

کچلاک میں کم سن بچی کے مبینہ نکاح کا معاملہ، وزیراعلیٰ کا نوٹس، والد گرفتار

بچی کے ساتھ واقعے میں ملوث کسی شخص کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا، شاہد رند

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے نواحی علاقے کچلاک میں کم سن بچی کے ایک (باقی صفحہ 2 نمبر1)

کفایت شعاری مہم، بازار 9 بجے، شادی ہال 10 بجے بند کرنے کا حکم

سرکاری گاڑیوں کے لیے تین ماہ کے عرصے تک ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کی جائے گی تمام اقسام کی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کی جارہی ہے

فارمیسی، اسپتال، بیکری، ملک شاپ، تندور اوقات کار سے مستثنیٰ، شادی کی تقریب ون ڈش ہوگی، کابینہ ڈویژن، نوٹی فکیشن جاری

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت نے کفایت شعاری مہم کے تحت بازار 9 بجے اور شادی ہال 10 بجے بند کرنے کے احکامات جاری کردیے، شادی کی تقاریب میں صرف ون ڈش ہوگی، فارمیسی، اسپتال، بیکری، ملک شاپ، تندور و دیگر اوقات کار سے مستثنیٰ ہوں گے۔ وفاقی (باقی صفحہ 2 نمبر7)

امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی حوثیوں سے براہِ راست رابطے کی تصدیق

حوثیوں نے امریکا کو 2025 کی جنگ بندی برقرار رہنے کی یقین دہانی کرائی ہے، برطانوی میڈیا

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے حوثیوں سے براہِ راست رابطے کی تصدیق کردی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق جے ڈی وینس نے حوثیوں سے (باقی صفحہ 2 نمبر11)



اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، راولپنڈی بنچ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مکہ مکرمہ کی حفاظت کیلئے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں، وزیر دفاع

، مکہ معاہدہ نہ بھی ہو تو مقدس مقامات کی حفاظت ہمارا فریضہ ہے، میرا خیال ہے وہ صورتحال آ گئی ہے جہاں مکہ معاہدہ نافذ ہونا ہے

حوثی سعودی عرب پر حملے کر رہے ہیں ایسی صورت میں ایران سائیڈ لے تو میری نظر میں عقل مندی والی بات نہیں ہوگی اور اس کے امکانات بھی بہت کم ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ کی حفاظت کیلئے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں، مکہ معاہدہ نہ بھی ہو تو مقدس مقامات کی حفاظت ہمارا فریضہ ہے، میرا خیال ہے وہ صورتحال آ گئی ہے جہاں مکہ معاہدہ نافذ ہونا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر5)

آواران میں تین مبینہ دہشتگرد ہلاک، بابر یوسفزئی کا سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشتگردوں اور سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی، معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (جی این ایم) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر خان یوسفزئی نے آواران میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تین دہشتگردوں کا خاتمہ فورسز کی پیشہ ورانہ (باقی صفحہ 2 نمبر6)



مین آف شریفین کے تحفظ کیلئے سعودی عرب کیساتھ ہیں، پاکستان

سکھ یاتریوں کو روکے جانے کی خبروں اور پاک چین بانڈری جوائنٹ کمیشن پر بھارتی دعوے کو مسترد کرتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر کی ہفتہ وار پریس بریفنگ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے مکہ مکرمہ پر یمن کے حوثیوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ پاکستان حرمین الشریفین کے تحفظ کے لئے سعودی عرب کے ساتھ ہے، حوثیوں کو اپنی سرگرمیاں روکنا ہوں گی، حرمین شریفین کی حرمت اور سعودی عرب کی علاقائی سلامت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، پاکستانی خصوصی اقتصادی زون میں نقل و حرکت دوطرفہ معاہدے کی خلاف ورزی ہے، بھارت غیر ذمہ دارانہ اقدامات سے گریز کرے۔ جمعرات کو ترجمان دفتر خارجہ ترجمان سجاد حیدر نے ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ مکہ مکرمہ کو نشانہ بنانے کی کوشش ایک گھناؤنا اور انتہائی تشویشناک اقدام ہے، جس سے دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے مقامات مقدسہ پر حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے، پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم مشرق وسطی کی بدلتی صورتحال کا باریک بینی سے جائزہ لے رہے ہیں، اور حوثی حملوں کے تناظر میں خطے میں ابھرتی صورتحال پر نظر (باقی صفحہ 2 نمبر8)

ہونہار اور مستحق طلبہ کو میرٹ پر معیاری تعلیم کی فراہمی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

دانش یونیورسٹی میں داخلوں کیلئے طلبہ کا انتخاب میرٹ پر کیا جائے گا، یونیورسٹی باصلاحیت اور مستحق نوجوانوں کو عالمی معیار کی تعلیم کے مواقع فراہم کریگی

دانش یونیورسٹی میں مختلف فیکلٹی آسامیوں کیلئے اب تک 185 درخواستیں موصول ہوچکیں، بہترین اور باصلاحیت فیکلٹی کے انتخاب کا عمل جاری ہے، بریفنگ

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہونہار اور مستحق طلبہ کو میرٹ پر معیاری اور جدید تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، دانش یونیورسٹی میں داخلوں کیلئے طلبہ کا انتخاب میرٹ پر کیا جائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت دانش یونیورسٹی کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا، جس میں دانش یونیورسٹی کے قیام سے متعلق وزیراعظم کی مختلف ہدایات پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ شہباز شریف (باقی صفحہ 2 نمبر10)

اقوام متحدہ کی تحقیقات، ایران میں امریکی حملوں پر جنگی جرائم کے شواہد کا دعویٰ

رپورٹ انسانی حقوق کونسل کے آئندہ اجلاس میں پیش کی جائے گی

جنیوا (جی این ایم) ایران کے بارے میں اقوام متحدہ کے آزاد بین الاقوامی تحقیقاتی مشن نے کہا ہے کہ اسے اس بات پر یقین کرنے کی معقول بنیادیں ملی ہیں کہ فروری میں ایران کے ایک اسکول اور کھیلوں کے مرکز پر ہونے والے دو امریکی حملے جنگی جرائم کے زمرے میں (باقی صفحہ 2 نمبر9)

تمبوار یا میں قلتِ آب کا مسئلہ، نئی واٹر سپلائی اسکیمیں بی ایس ڈی آئی فیز 4 میں شامل کر لی گئیں

عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے صاف پانی کی فراہمی کے مسائل حل ہوں گے، محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی وضاحت

کوہلو (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع کوہلو کے تمبو ایریا میں قلتِ آب کے مسئلے پر محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ترجمان نے وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ علاقے میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے اس سے قبل کوئی واٹر سپلائی اسکیم موجود نہیں تھی۔ ترجمان کے مطابق عوام کو درپیش مشکلات اور پانی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ پبلک (باقی صفحہ 2 نمبر12)

مکران یونیورسٹی کے پالیسی بیان پر نیشنل پارٹی کا شدید ردِعمل

انتظامیہ حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے پالیسی بیان کی وضاحت کرے، رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ

پنجگور (جی این ایم) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن قومی اسمبلی اور اسٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین پھلین بلوچ نے مکران یونیورسٹی پنجگور کی انتظامیہ کی جانب سے گزشتہ دنوں منعقد کیے گئے پینل ڈسکشن کے اختتام پر جاری کیے جانے والے پالیسی بیان پر شدید ردِعمل کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک وضاحتی بیان میں پھلین بلوچ نے کہا کہ یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے نئے (باقی صفحہ 2 نمبر14)

چاروں صوبوں میں نئے انتظامی یونٹس کی تشکیل وقت کا تقاضا ہے، علیم خان

یہ صوبوں کی تقسیم نہیں ان کی بہتر تنظیم کا معاملہ ہے، موجودہ صوبائی نظام عوام کو مطلوبہ سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہو چکا

دنیا آگے بڑھ رہی ہے، ہم برسوں پرانے نظام سے جڑے ہوئے ہیں، وفاقی وزیر مواصلات سے وفاقی وزیر سردار محمد یوسف کی ملاقات

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر مواصلات اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان سے وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے ملاقات کی، جس میں نئے صوبوں، انتظامی یونٹس، ہلکی و سیاسی صورتحال سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سردار محمد یوسف (باقی صفحہ 2 نمبر32)


لندن: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب، پاکستان ہائی کمیشن لندن کے زیر اہتمام پاکستان انویسٹمنٹ راؤنڈ ٹیبل میں کلیدی خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن سے ملاقات

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کوئٹہ میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ایڈمنسٹریٹر میجر (ر) (باقی صفحہ 2 نمبر31)

اسرائیل کی غزہ پر تازہ بمباری میں 9 فلسطینی شہید 40 زخمی

غزہ (جی این ایم) غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملوں کے نتیجے میں کم از کم 9 فلسطینی شہید اور تقریباً 40 زخمی ہوگئے۔ فلسطینی میڈیا کے مطابق حملے غزہ کے شمالی، وسطی اور جنوبی (باقی صفحہ 2 نمبر30)

فیلڈ مارشل سے ایرانی وزیر خارجہ کا رابطہ، خطے کی صورتحال پر مشاورت

عباس عراقچی کا فیلڈ مارشل کے بعد ترک ہم منصب سے بھی ٹیلیفونک رابطہ، مشرقِ وسطی اور خطے کو درپیش اہم مسائل سمیت حالیہ علاقائی پیش رفت پر تبادلہ خیال

ایران کے وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے بعد اپنے ترک ہم منصب ہاکان فیدان سے بھی ٹیلیفون پر رابطہ کر کے خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، رپورٹ

تہران (جی این ایم) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے رابطہ کیا ہے جس میں علاقائی پیش رفت اور باہمی دلچسپی کے امور پر گفتگو کی ہے۔ یہ رابطہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب خطے میں سکیورٹی اور سفارتی سرگرمیوں میں تیزی دیکھی جا رہی ہے، جبکہ ایران اور ترکیہ مختلف علاقائی معاملات پر مسلسل مشاورت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ تاہم مزید تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق عباس عراقچی کا دورہ چین کے دوران فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ٹیلیفون پر رابطہ ہوا ہے جس میں علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق ایران کے وزیرِ خارجہ عباس عراقچی نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کے بعد اپنے ترک ہم منصب ہاکان فیدان سے بھی ٹیلیفون پر رابطہ کر کے خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر16)

ملک میں سوشل میڈیا کو ریگولیٹ کرنے کیلئے قانون مزید سخت کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں سوشل میڈیا کو ریگولیٹ کرنے کیلئے قانون مزید سخت کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، وزارت داخلہ نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کرنے کا (باقی صفحہ 2 نمبر15)

بشریٰ کا سزا معطلی اپیل کی جلد سماعت کیلئے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع

اسلام آباد (جی این ایم) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا یافتہ بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے اپنی سزا معطلی کی (باقی صفحہ 2 نمبر20)

اویس لغاری کا تمام ڈسکوز کو کنزیومر پر سپشن سروے فوری شروع کرنے کا حکم

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے تمام ڈسکوز کو کنزیومر پر سپشن سروے فوری شروع کرنے کے احکامات جاری کردیے۔ وفاقی وزیر نے سروے کے طریقہ کار، معیارات اور شیڈول کو (باقی صفحہ 2 نمبر13)

نادرا نے سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کو خصوصی سہولت فراہم کردی

اسلام آباد (جی این ایم) نادرا نے سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کو خصوصی سہولت فراہم کر دی ہے جس کے ذریعہ وہ اہم خدمات حاصل کر سکتے ہیں نیشنل ڈیٹا بیس (باقی صفحہ 2 نمبر18)


راولپنڈی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل کے حوالے سے بیان پر دلی افسوس ہے، نثار کھوڑو

بیان اپنے مفہوم کے اعتبار سے غیر ارادی تھا، اس پر دلی طور پر افسوس ہے، پیپلز پارٹی رہنما

کراچی (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما نثار کھوڑو نے فیلڈ مارشل کے حوالے سے گزشتہ روز دیئے گئے اپنے بیان پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں نثار کھوڑو نے کہا کہ فیلڈ مارشل کے حوالے سے گزشتہ روز ان کا بیان اپنے مفہوم کے اعتبار سے غیر ارادی تھا، انہیں اس بیان پر دلی طور پر افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ادارے کے وقار کا بہت زیادہ احترام کرتے ہیں۔ نثار کھوڑو نے کہا کہ انہیں افسوس ہے کہ ان کے الفاظ سے کوئی غلط فہمی پیدا ہوئی ہو۔

صحبت پور، پینے کے صاف پانی کے ٹینکرز کی ہڑتال سے عوام مشکلات کا شکار

واٹر سپلائی کا پانی غیر معیاری ہے، جرواریل چیک پوسٹ پر ڈرائیوروں کو تنگ کیا جارہا ہے، گل حسن کھوسو

صحبت پور (جی این ایم) صحبت پور اور اس کے گردو نواح میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی معطل ہوگئی ہے کیونکہ واٹر ٹینکرز ایسوسی ایشن نے ڈیرہ بگٹی کی لیویز کی مبینہ زیادتیوں کے خلاف ہڑتال کردی ہے، جس کے باعث شہریوں کو پانی کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گل حسن ٹینکر ایسوسی ایشن کے رہنما گل حسن کھوسو کا کہنا ہے کہ پٹ فیڈر پر جرواریل کے مقام پر قائم پولیس اور لیویز تھانہ ٹینکرز ڈرائیوروں کے لیے دردِسر بن چکا ہے، (باقی صفحہ 2 نمبر17)


کوئٹہ: وفاقی وزیر اور گریب خان کچھی و دیگر قبیر نوزٹ بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ خصوصی انٹرایکشن کے موقع پر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

پاکستان کو بچانے اور چلانے کا واحد طریقہ انتظامی یونٹ کا قیام ہے، مصطفیٰ کمال

سانحہ پمز میں ایک اور افسر کو قصور وار، 9 افراد کو نوکری سے نکال دیا گیا ہے، فوجداری مقدمے کیلئے وزارتِ داخلہ کو خط لکھ دیا ہے

تفصیلی رپورٹ میں 33 سفارشات آئی ہیں، عمل درآمد میں کچھ وقت لگے گا پمز کے فائر سسٹم اور اسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے وزیرِ اعظم نے 3 ماہ کا وقت دیا ہے

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کو بچانے اور چلانے کا واحد طریقہ انتظامی یونٹ کا قیام ہے، سانحہ پمز میں ایک اور افسر کو قصور وار ٹھہرایا گیا ہے، ان 9 افراد کو نوکری سے نکال دیا گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا ہے کہ سانحہ پمز سے متعلق ابتدائی رپورٹ میں 8 افراد کو قصور وار ٹھہرایا گیا تھا، ان 8 افراد کے خلاف فوجداری مقدمے کیلئے وزارتِ داخلہ کو خط لکھ دیا (باقی صفحہ 2 نمبر24)

پاکستان، ڈنمارک کا تجارت، آئی ٹی، توانائی تعاون بڑھانے پر اتفاق

ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس مورٹینسن کی مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز عالم شاہ سے ملاقات

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان میں تعینات ڈنمارک کی سفیر ماجا ڈیروس مورٹینسن نے حکومت پاکستان کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ سے ملاقات کی۔ انتہائی خوشگوار ماحول میں ہونے والی ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، گرین انرجی، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے، تعلیم، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، تجارت، سرمایہ کاری اور پائیدار ترقی سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان اور ڈنمارک کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے، افرادی قوت کی ترقی اور ثقافتی روابط (باقی صفحہ 2 نمبر25)

بی میونسپل کمیٹی کے سینکڑوں ملازمین تنخواہوں سے محروم، مالی بحران شدت اختیار کر گیا

تنخواہوں اور کنٹی جنسی فنڈز کی فوری ادائیگی کی جائے، میونسپل ایمپلائز یونین

بی (جی این ایم) میونسپل کمیٹی کے سینکڑوں ملازمین ماہانہ تنخواہوں سے محروم کنٹی جنسی فنڈز سے بند ملازمین سمیت میونسپل کمیٹی بی شدید مالی بحرانوں کا شکار پیٹرول کی مد میں لاکھوں روپے کے مقروض جبکہ ملازمین کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے اسکولوں کی فیسوں سمیت غمی خوشی میں بھی ملازمین ادھار لینے پر مجبور مہنگائی کا جن بھی بے قابو۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 2 نمبر29)

نصیر آباد، پولیس کی میر حسن کی حدود میں کارروائی، مبینہ مقابلے کے بعد دو ملزمان گرفتار

ایس ایس پی اسد ناصر کی ہدایات پر کامیاب کارروائی، ایس ایچ او شاہنواز خان سولنگی اور ٹیم کو شاباش، تفتیش جاری

کوئٹہ (جی این ایم) نصیر آباد پولیس نے تھانہ میر حسن کی حدود میں کارروائی کرتے ہوئے مبینہ پولیس مقابلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کر لیا، جن کے قبضے سے اسلحہ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والی موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ پولیس کے مطابق کارروائی ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی ہدایات پر کی گئی۔ ایس ایچ او امیر حسن سب انسپکٹر شاہنواز خان سولنگی اپنی ٹیم کے ہمراہ معمول کی گشت پر تھے کہ ایک مشکوک موٹر سائیکل سوار کو رکنے کا اشارہ کیا گیا۔ تاہم ملزمان نے رکنے (باقی صفحہ 2 نمبر28)

وزیراعظم کی جانب سے غریب و متوسط طبقے کیلئے پیٹرولیم سبسڈی اسکیم میں مزید سہولت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے غریب و متوسط طبقے کیلئے پیٹرولیم سبسڈی اسکیم میں مزید سہولت دے گئی اور ان کی ہدایت پر پیٹرول سبسڈی اسکیم (باقی صفحہ 2 نمبر27)

سردار ایاز صادق سے جنوبی افریقی ہم منصب انجیلا تھوکزلیڈیڑیا کی ملاقات

اسلام آباد (جی این ایم) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے جنوبی افریقہ کی قومی اسمبلی کی سپیکر انجیلا تھوکزلیڈیڑیا نے (باقی صفحہ 2 نمبر26)


اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے پاکستان میں امریکہ کی ناظم الامور نمالی بیکر سے ملاقات کر رہی ہیں

تعلیمی اداروں میں خواتین اساتذہ کو باعزت، محفوظ اور سازگار ماحول فراہم کرنا محکمہ تعلیم کی ذمہ داری ہے۔ گورنمنٹ سردار عیسیٰ خان گرلز ہائی سکول کی معطل کی گئی خواتین اساتذہ فوری بحال کی جائے

کوئٹہ () جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھا اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ مالخیل نے گورنمنٹ سردار عیسیٰ (باقی صفحہ 2 نمبر19)

پی ٹی آئی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کو گرفتاری کے بعد رہا کر دیا گیا

اطاسب ستی، اخلاق ستی اور متعدد دیگر دوستوں کے ہمراہ جس بے جا میں رکھنے کے بعد رہا کیا گیا، سلمان اکرم

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کو چار گھنٹے حراست میں رکھنے کے بعد رہا کر دیا گیا۔ رہائی کے بعد اپنے بیان میں سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ انہیں اطاسب ستی، اخلاق ستی اور متعدد دیگر دوستوں کے ہمراہ جس بے جا میں رکھنے کے بعد رہا کیا گیا۔ سلمان اکرم راجہ کے مطابق انہیں حراست میں رکھنے کا مقصد صرف اعجاز ستی مرحوم (باقی صفحہ 2 نمبر21)


اسلام آباد: ایک موٹر سائیکل سوار سری نگر ہائی وے پر چنگی نمبر 26 کے قریب رکھے کنٹینرز کے پاس سے گزر رہا ہے

دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک یہ فیصلہ کن جنگ جاری رہیگی، حنیف عباسی

وزیر ریلوے کا آواران میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین، ریاست دشمن عناصر کو ناکام بنائیں گے

پاکستان کے دفاع اور سلامتی کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں پوری قوم کے لیے غیر متزلزل حوصلے اور اعتماد کا باعث ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان کے ضلع آواران میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف حالیہ کامیاب کارروائیاں ہمارے بہادر جوانوں کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مستعدی اور غیر متزلزل عزم کی واضح عکاس ہیں، قوم کے غیور اور بہادر (باقی صفحہ 2 نمبر22)

آن لائن فراڈ کیس: غیر ملکی سمیت 3 مجرموں کو سات، سات سال قید کی سزا

عدالت نے چینی شہری بائی شیامنگ، نعمان عابد ملک اور حسنین محمود کو مجرم قرار دیا

اسلام آباد (جی این ایم) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے آن لائن اور الیکٹرانک فراڈ کیس میں ملوث غیر ملکی سمیت 3 مجرموں کو سات، سات سال قید کی سزا سنا دی۔ سینئر سول جج/جوڈیشل مجسٹریٹ ملک امان نے فیصلہ سنایا۔ عدالت نے چینی شہری بائی شیامنگ، نعمان عابد ملک اور حسنین محمود کو مجرم قرار دیا، جبکہ کیس میں ملوث ملکی و غیر ملکی 9 ملزمان کو اشتہاری قرار دے دیا گیا۔ عدم ثبوت پر زو چنگ لیانگ، شہزادہ ایاز لطیف اور حمزہ شاہنواز کو بری کر دیا گیا۔ عدالت (باقی صفحہ 2 نمبر23)

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

ایڈیٹر اسرار محمد کھیتران و پبلشر شاہ زمان نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ آفس نمبر 208، اورینٹل پلازہ، ایم اے جناح روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا۔
موبائل/ واٹس ایپ نمبر 03327865820/03136823946

پی ٹی وی کوئٹہ

عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے پاکستان ٹیلی وژن کوئٹہ مرکز میں مقامی زبانوں کے پروگرامز کی بندش اور گزشتہ تین سال سے مقامی فنکاروں کو معاوضوں کی عدم ادائیگی پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں بلوچی، براہوی، پشتو اور دیگر مقامی زبانوں کے پروگرامز نہ صرف صوبے کی ثقافت، ادب اور زبانوں کے فروغ کا ذریعہ ہیں بلکہ ان پروگرامز سے وابستہ فنکاروں، ادیبوں، شعرا اور دیگر شعبہ ہائے فن کو بھی روزگار اور اظہار کا موقع ملتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مقامی فنکار اور فنونِ لطیفہ سے وابستہ افراد بھی میڈیا کا ایک اہم شعبہ ہیں، جنہوں نے دہائیوں سے اپنی صلاحیتوں کے ذریعے بلوچستان کی تہذیب، ثقافت، زبانوں اور مثبت تشخص کو اجاگر کیا ہے۔ ایسے فنکاروں کو طویل عرصے تک ان کے معاوضوں سے محروم رکھنا انتہائی تشویشناک امر ہے۔ تین سال سے معاوضوں کی عدم ادائیگی نے مقامی فنکاروں کو شدید مالی مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے، جس پر خاموش نہیں رہا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ٹیلی وژن کوئٹہ مرکز بلوچستان کے عوام، مقامی زبانوں اور ثقافت کی نمائندگی کا اہم ادارہ ہے، اس لیے مقامی زبانوں کے پروگرامز کو بند کرنے کے بجائے ان کے دائرہ کار کو مزید وسیع کیا جانا چاہیے۔ حکومت اور پی ٹی وی انتظامیہ مقامی فنکاروں کے واجبات کی فوری ادائیگی کو یقینی بنائے اور بند کیے گئے۔

(01)

ضعیف العمر شخص سے مبینہ نکاح کے معاملے پر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی ہدایت کردی ہے۔ ڈپٹی کمشنر چمن حبیب بنگلزئی کے مطابق کم سن بچی ہو کے والد عبدالباری کو چمن سے گرفتار کرلیا گیا ہے، جبکہ ایف آئی آر کے اندراج اور گرفتار ملزم کی حوالگی کے لیے کوئٹہ پولیس سے رابطہ کیا جارہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر چمن نے بتایا کہ واقعے کی کڑیاں کچلاک میں پیش آنے والے 15 سالہ بچی کے قتل کے واقعے سے ملتی ہیں، جس کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ دریں اثناء معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ کم سن بچی کے ساتھ پیش آنے والے واقعے میں ملوث کسی بھی شخص کو قانون سے بالاتر نہیں سمجھا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں اور بچی کے تحفظ اور انصاف کی فراہمی کے لیے متعلقہ اداروں کو مؤثر اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے گی اور کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ پولیس اور ضلعی انتظامیہ کو مرکزی ملزم سمیت دیگر ممکنہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ تحقیقات کے دوران سامنے آنے والے تمام حقائق کو قانون کے مطابق دیکھا جائے گا۔ بلوچستان حکومت بچوں کے تحفظ سے متعلق قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے لیے پرعزم ہے اور کم عمر بچوں کے حقوق و تحفظ کے معاملے پر حکومت کی واضح اور دوٹوک پالیسی ہے۔ بلوچستان میں انسداد کم عمری کی شادی کا قانون بھی موجود ہے۔

(02)

کو نچلی سطح تک منتقل کرنا ناگزیر ہے، حکومت نے مشکل عالمی حالات اور بڑے معاشی جھٹکوں کے باوجود معاشی استحکام حاصل کیا ہے، معیشت کے آگے بڑھانے میں نجی شعبہ کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ جمعرات کو یہاں لیڈرز ان اسلام آباد بزنس سمٹ خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش مسائل صرف معیشت یا وزارت خزانہ تک محدود نہیں بلکہ تعلیم، صحت، سکول سے باہر بچوں اور مجموعی طرز حکمرانی سمیت متعدد شعبوں سے جڑے ہوئے ہیں اور یہ تمام معاملات ایک دوسرے سے باہم منسلک ہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ نظام کو عوام کو بہتر معیار کی خدمات فراہم کرنی چاہئیں۔ ڈھانچہ جاتی مسائل کے حل کیلئے ملک کے مجموعی طرز حکمرانی کے نظام کا ازسرنو جائزہ لینا اور اسے موثر بنانا ضروری ہے، حکومت کے اصلاحات کے پروگرام کا مقصد گورننس اور خدمات کی فراہمی میں بہتری لانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت نے بعض شعبوں میں نمایاں کام کیا ہے تاہم انہوں نے کہا کہ بنیادی سہولیات کے حوالے سے اب بھی متعدد مسائل موجود ہیں اور ایسے مسائل کو مقامی سطح پر موثر انداز میں حل کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ ملک کے مسائل سے موثر طور پر نمٹنے کے لیے دو امور بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، جن میں وفاق اور صوبوں کے درمیان ترجیحات میں ہم آہنگی اور وسائل و اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی شامل ہے۔

(03)

مطابق لاہور فلائٹ انفارمیشن ریجن میں پانچ فضائی راستے عارضی طور پر بند رہیں گے، جن میں جھنگ سے ساجن اور ریگٹ سے ڈی آئی خان سمیت دیگر مختلف فضائی راستے شامل ہیں۔ یہ فضائی راستے 17 اور 18 ستمبر کو صبح ساڑھے پانچ بجے سے ساڑھے سات بجے تک بند رکھے جائیں گے۔ ترجمان کے مطابق، مذکورہ فضائی راستے زمین سے غیر معینہ بلندی تک تمام پروازوں کے لئے دستیاب نہیں ہوں گے۔ تاہم، مسافروں اور ایئر لائنز کی سہولت کے لیے متبادل فضائی راستے دوطرفہ پروازوں کے لئے دستیاب ہوں گے۔ جبکہ ڈی آئی خان سے آنے اور جانے والی پروازوں کے لئے فضائی ٹریفک کنٹرول (اے ٹی سی) سے رابطہ کرنا لازمی ہوگا۔ ایئرپورٹ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ فضائی راستوں کی یہ بندش مکمل طور پر آپریشنل وجوہات کے پیش نظر کی گئی ہے۔

(04)

کرنا سکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کا ثبوت ہے۔ بلوچستان میں قیام امن کے لیے سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے پرعزم ہیں، جبکہ قوم بھی دہشتگردی کے خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ بلوچستان میں امن و استحکام کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کی عکاس ہیں، دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا جائے گا

(05)

کہا کہ مکہ معاہدہ ہمارے اوپر لاگو ہوتا ہے اور ہم اپنا فرض ادا کریں گے، تفصیلات میں نہیں جا سکتا لیکن ہم مکہ معاہدے پر عمل کے پابند ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان کشیدگی مزید شدت اختیار کرجاتی ہے اور لڑائی میں توسیع ہوتی ہے تو پاکستان اور ترکیہ واشگاف الفاظ میں عملی اور سفارتی طور پر سعودی عرب کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ حوثی سعودی عرب پر حملے کررہے ہیں ایسی صورت میں ایران سائیڈ لے تو میری نظر میں عقل مندی والی بات نہیں ہوگی اور اس کے امکانات بھی بہت کم ہیں، ساتھ ہی پاکستان نے بھی پیغام بھجوا دیا ہے اور سعودی عرب نے بھی مطلع کیا ہے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ ایک ایسی صورتحال میں جب ایران کی امریکا اور اسرائیل کے ساتھ خلیج جنگ نازک امن کے ساتھ غیر یقینی کے صورت حال پر کھڑی ہے تو ایسے میں ایک اور نیا محاذ کھولنا یا توسیع دینے کے بجائے دانشمندی کا تقاضا یہی ہے اس کو بڑھایا نہ جائے اور بڑے خلفشار میں تبدیل نہ کیا جائے۔

(06)

صلاحیتوں، بروقت کارروائی اور موثر حکمت عملی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ایک بیان میں بابر خان یوسفزئی نے کہا کہ بلوچستان کے امن کے لیے سکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں پوری قوم کے لیے قابل فخر ہیں۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری عزم و استقامت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم

01

رپورٹ کے مطابق سعودی عرب کی جانب سے عمان کے راستے اضافی خام تیل کے کارگو فراہم کرنے کی پیشکش کے بعد سرمایہ کاروں کے خدشات میں کمی آئی، جس کے نتیجے میں قیمتیں مزید نیچے آ گئیں۔ بین الاقوامی معیار برینٹ خام تیل کی قیمت 1.24 ڈالر، یا 1.2 فیصد کمی کے بعد 104.59 ڈالر فی بیرل پر آ گئی، جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 1.14 ڈالر، یا 1.1 فیصد کمی کے ساتھ 101.29 ڈالر فی بیرل پر ٹریڈ ہوتا رہا۔ اس سے ایک روز قبل بدھ کو بھی دونوں بینچ مارک تیل معاہدوں کی قیمتوں میں تقریبا تین ڈالر فی بیرل کی کمی ریکارڈ کی گئی تھی۔

02

معاونت کیوں کی جا رہی ہے؟۔ وان ہولن نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک بیان میں کہا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ امریکی ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے 2.8 ارب ڈالرز کے بم ایک ایسی حکومت کو بھیج رہی ہے جس کی قیادت ایک مطلوب جنگی مجرم کر رہا ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ ایک طرف نیتن یاہو غزہ پر بمباری جاری رکھے ہوئے ہیں اور دوسری جانب ان امریکی شہریوں کے لیے انصاف کی راہ میں رکاوٹ ڈال رہے ہیں جو ان کی نگرانی میں ہلاک ہوئے، یہ امریکا فرسٹ کیسے ہے؟ امریکی سینیٹر نے مطالبہ کیا کہ قانون ساز اس اسلحہ پیکج کو روکنے کیلئے کام کریں گے۔ واضح رہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے اسرائیل کو 2.8 ارب ڈالرز کا اسلحہ بیچنے کی منظوری دی ہے، ان امریکی ہتھیاروں میں تقریبا 1 ٹن وزنی 40 ہزار بم بھی شامل ہوں گے۔ یہ امریکا کی جانب سے اسرائیل کو فروخت کی جانے والی سب سے بڑی اسلحے کی کھیپ میں سے ایک ہے۔

03

طالبان سکیورٹی اہلکاروں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق صوبہ ہلمند کے امام رباط چوکی کے علاقے میں طالبان اہلکاروں کو نشانہ بنایا گیا۔ ہلمند میں کارروائی کیدوران طالبان رجیم کے 2 اہلکار ہلاک اور 2 کلاشنکوف رائفلیں قبضے میں لے لی گئیں۔ قندھار کے باغ پل بازار میں طالبان رجیم کیخلاف کارروائی میں ایک اہلکار کو ہلاک کیا گیا۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کا کہنا تھا کہ قندھار سے بلخ اور ہرات سے بدخشاں تک افغان طالبان رجیم کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

04

کی 12 اگست کو پیدا ہوئی تھی، بچی کو دھویں نے متاثر کیا، یہ ہماری پہلی اولاد تھی۔

05

ویلکووچ نے سکیورٹی وجوہات کے باعث تفصیلات فراہم کرنے سے گریز کیا تاہم انہوں نے بتایا کہ یہ معاہدہ بغیر پائلٹ فضائی نظام (SystemsAerialUnmanned) سے متعلق ہے۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق فوجی اور صنعتی استعمال کے لیے فضائی اور بحری ڈرونز فراہم کرنے والی کمپنی پاورس جلد ہی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دو بیٹوں کی حمایت یافتہ ایک پبلک ٹریڈڈ کمپنی 'اوریئس گرین وے ہولڈنگز' کے ساتھ ضم ہونے والی ہے۔ دونوں کمپنیوں نے کہا ہے کہ انہیں توقع ہے کہ یہ انضمام اکتوبر کے اوائل میں مکمل ہو جائے گا۔ امریکی ریگولیٹری دستاویزات کے مطابق ٹرمپ کے بیٹے ڈونلڈ ٹرمپ جونیئر اور ایرک ٹرمپ 'امریکن وینچرز' نامی سرمایہ کاری فنڈ کے ذریعے اوریئس میں حصہ داری رکھتے ہیں۔ پاورس کے بانی اور چیف ایگزیکٹو اینڈریو فاکس نے کہا کہ پاکستان کا نجی دفاعی شعبہ ابھر رہا ہے لیکن ابھی تک پختہ نہیں ہوا ہے، جس کی وجہ سے امریکی کمپنیوں کے لیے اس مارکیٹ میں تیزی سے آگے بڑھنے کی گنجائش موجود ہے۔ ڈیسکیمونٹی جوائن کریں بریٹ ویلکووچ نے کہا کہ ان کا ہدف امریکا کی بہترین ٹیکنالوجی کو پاکستان کی بہترین ٹیکنالوجی کے ساتھ جوڑنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاورس پاکستان میں ممکنہ طور پر ٹیکنالوجی تیار کرنے کے طریقوں کا جائزہ لے رہی ہے۔ اینڈریو فاکس نے ان قیاس آرائیوں کو مسترد کر دیا کہ کمپنی کی ترقی ٹرمپ کے بیٹوں کی شمولیت سے منسلک ہے، ان کا کہنا تھا کہ تمام ٹھیکے خالصتاً میرٹ پر دیے گئے ہیں اور ٹرمپ خاندان کا کمپنی کے کاروباری معاملات میں کوئی عمل دخل نہیں ہے۔

06

سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی مسلسل اور مؤثر کارروائیوں کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو بھاری نقصان کا سامنا ہے۔ سیکیورٹی فورسز بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت آواران میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے 3 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں قیام امن کیلئے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت پرعزم ہیں۔ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتا ہوں، دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ پوری قوم کی آواز ہے۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے خاتمے کے لئے پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

07

وجمہوریت کے مستقبل بحران کی کیفیت سے دوچار ہے انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں نے بار بار غیر جمہوری اور غیر آئینی عمل کو سیاست میں مداخلت کے لئے راستہ فراہم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں آزادی اور انصاف پر مبنی سوچ کو دفنانے کی کوشش ہو رہی ہے مقتدر حلقے جمہوریت کو اپنے کنٹرول میں رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک مزید آئینی، سیاسی اور معاشی بحران کے متحمل نہیں۔ سیاسی افراتفری اور سازشوں سے نظام منجمد ہے ملک تیزی سے سیاسی بحران کے ساتھ معاشی طور پر دیوالیہ ہو رہا ہے۔ قوم ان جمہوری مداریوں کی ریشہ دوانیوں کو سمجھ چکی ہے اپنے بیانیہ اور ایجنڈے کیلئے عوام کو استعمال کیا گیا جمعیت علمائے اسلام واحد جماعت ہے جو اس بحرانوں کا خاتمہ کریں گے۔

08

کمیٹی کے اہلکاروں کے ہمراہ کیا۔ کارروائی کے دوران بھاگی بازار، کباڑی بازار، ژوب روڈ اور اڈہ سمیت مختلف اہم شاہراہوں اور تجارتی مراکز میں دکانوں کے باہر غیر قانونی طور پر رکھا گیا سامان، کرسیاں، میزیں، دیگر اشیا اور سڑکوں پر کھڑی گاڑیاں و موٹر سائیکلیں تحویل میں لے لی گئیں۔ خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کو موقع پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے جبکہ متعدد تاجروں کو آئندہ تجاوزات قائم نہ کرنے کی سختی سے ہدایت کی گئی۔ انتظامیہ نے تاجروں کو واضح کیا کہ دکانوں کا سامان ہر صورت دکانوں کی حدود کے اندر رکھا جائے اور سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں

پر سامان رکھ کر شہریوں اور ٹریفک کی آمد ورفت میں رکاوٹ پیدا نہ کی جائے۔ اسی طرح موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کو سڑکوں پر پارک کرنے کے بجائے مقررہ پارکنگ ایریاز میں کھڑا کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اس موقع پر پولیس حکام نے واضح کیا کہ تجاوزات کے باعث نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے بلکہ شہریوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہر میں تجاوزات کے مکمل خاتمے اور ٹریفک نظام کی بہتری کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔ خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں اور گاڑی مالکان کے خلاف قانون کے مطابق مزید سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ لورالائی کے سماجی شہری حلقوں نے انتظامیہ، پولیس اور ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے آپریشن کو جاری رکھنے کا مطالبہ بھی کیا۔

09

کو ایران کے معاملے پر غیر قانونی جنگ شروع کرنے کا مرتکب قرار دیا ہے اور کہا کہ پیٹ ہیگسیتھ نے کئی دیگر بڑے جرائم اور نامناسب رویے بھی اختیار کیے ہیں، ہیگسیتھ کیخلاف مواخذے کی کارروائی کی جانی چاہیے۔ میسی نے جیفری ایپسٹین سے متعلق مزید سرکاری دستاویزات جاری کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ تاہم امریکی ایوان نمائندگان کے اسپیکر مائیک جانسن نے ارکان کو وسط مدتی انتخابات کی مہم کے لیے جلد رخصت کر دیا، جس کے باعث میسی کی مواخذے کی قرارداد پر ووٹنگ نہ ہو سکی۔

10

امتِ مسلمہ کی سلامتی سے جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے سعودی عرب پر حوثی دہشت گردوں کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مقدس سرزمین کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا تحفظ کسی ایک ملک کا نہیں بلکہ پوری امتِ مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی نہ صرف مسلم امہ بلکہ پوری دنیا کے امن کے لیے انتہائی خطرناک صورتحال اختیار کر چکی ہے۔ موجودہ حالات میں تمام مسلم ممالک کو باہمی اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک مضبوط "اسلامی بلاک" تشکیل دینا چاہیے جو مؤثر سیاسی، معاشی اور دفاعی حکمتِ عملی پر عمل پیرا ہو سکے۔ عالمی و علاقائی تناظر میں ایک مشترکہ مسلم پلیٹ فارم کی ضرورت اب پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم دنیا میں ایک کلیدی اور دفاعی اعتبار سے اہم مقام رکھتا ہے۔ لہٰذا پاکستان کو چاہیے کہ وہ مسلم امت کے اتحاد، یکجہتی اور سعودی عرب کے تحفظ کے لیے اپنا مؤثر اور فعال کردار ادا کرے۔

11

رپورٹ کے مطابق سعودی عرب کی جانب سے عمان کے راستے اضافی خام تیل کے کارگو فراہم کرنے کی پیشکش کے بعد سرمایہ کاروں کے خدشات میں کمی آئی، جس کے نتیجے میں قیمتیں مزید نیچے آ گئیں۔ بین الاقوامی معیار برینٹ خام تیل کی قیمت 1.24 ڈالر، یا 1.2 فیصد کمی کے بعد 104.59 ڈالر فی بیرل پر آ گئی، جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 1.14 ڈالر، یا 1.1 فیصد کمی کے ساتھ 101.29 ڈالر فی بیرل پر ٹریڈ ہوتا رہا۔ اس سے ایک روز قبل بدھ کو بھی دونوں بینچ مارک تیل معاہدوں کی قیمتوں میں تقریبا تین ڈالر فی بیرل کی کمی ریکارڈ کی گئی تھی۔

12

تھیلا 2800 سو تک پہنچ گیا علاوہ ازیں چینی اٹا اور دالوں کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافے سے شہری مصنوعی مہنگائی کی چکی میں بری طرح پس رہے ہیں دوسری جانب شہر میں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کو برقرار رکھنے کے لیے پرائس کنٹرول کمیٹی غائب ہے شہری گرانفروشوں کے رحم و کرم پہ ہیں عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کچھی سے اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کو برقرار رکھنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے فوری طور پر پرائس کنٹرول کمیٹی فعال کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

13

600 عازمین کی آن لائن بکنگ کا عمل مکمل ہو چکا ہے، جبکہ مزید تقریبا 60 ہزار نشستیں اب بھی دستیاب ہیں۔ وزارت نے بتایا کہ پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت 71 ہزار 696 کوٹہ مختص کیا گیا ہے، جس کی بکنگ 20 نومبر تک یا تمام نشستیں پر ہونے تک جاری رہے گی۔ اس سے قبل حکومت نے 25 اگست کو ڈیجیٹل سسٹم کے ذریعے اپنے تمام 107,526 سرکاری کوٹے کی آن لائن بکنگ مکمل کر لی تھی۔ 25 مجاز حج آرگنائزرز کے ذریعے عازمین کو سرکاری حج پورٹل پر اکانومی، اسٹینڈرڈ اور پریمیم پیکیجز پیش کیے جا رہے ہیں، ان پیکیجز میں مختصر قیام، پاکستان سے باہر سے براہ راست پروازیں اور فائیو اسٹار ہوٹلنگ کی سہولیات شامل ہیں۔

14

بالخصوص ضلع اوستہ محمد اور تحصیل گنداخہ کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار میر نعیم خان عمرانی نے خبر رساں ادارے یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد بلوچستان کا اہم زرعی خطہ ہے جہاں ہزاروں خاندانوں کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے، مگر نہری پانی کی غیر منصفانہ تقسیم نے کسانوں اور کاشتکاروں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ پٹ فیڈر اور کیرتھر کینال کے نظام میں پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے باعث زرعی زمینیں متاثر، فصلیں تباہ اور کاشتکاروں کا معاشی مستقبل داؤ پر لگ رہا ہے۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن خصوصاً ضلع اوستہ محمد کو ایک سازش کے تحت بنجر بنانے کی کوشش کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ گنداخہ تحصیل کے عوام آج بھی پانی کی ایک بوند کو ترس رہے ہیں۔ چاول کا سیزن گزر جانے کے باوجود پانی کا بحران ختم نہیں ہوا بلکہ گنداخہ کے ٹیل علاقوں تک پینے کا پانی بھی دستیاب نہیں، جو متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی قلت صرف زراعت کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ پورے خطے کی معیشت، روزگار اور عوام کے مستقبل کا مسئلہ ہے۔ اگر پٹ فیڈر اور کیرتھر کینال میں پانی کی شفاف اور منصفانہ تقسیم یقینی نہ بنائی گئی تو اس کے سنگین معاشی و سماجی اثرات مرتب ہوں گے، انہوں نے حکومت اور محکمہ آبپاشی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ نہری نظام میں فوری بہتری لائی جائے، پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جائے اور گنداخہ سمیت نصیر آباد ڈویژن کے ٹیل علاقوں تک زرعی و پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ گنداخہ کے عوام کے دیرینہ پانی کے مسئلے کے خلاف جمعیت علما اسلام تحصیل گنداخہ کی جانب سے احتجاجی کیمپ کا انعقاد عوامی حقوق کی جدوجہد کا اہم قدم ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ احتجاجی کیمپ میں بھرپور شرکت کر کے اپنے بنیادی حق کے حصول کے لیے متحد ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام عوام کے بنیادی حقوق، زراعت کی بحالی اور پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لیے اپنی جدوجہد

جاری رکھے گی۔ عوام کو اپنے حقوق کے حصول کے لیے متحد ہونا ہوگا تاکہ حکومت اور متعلقہ اداروں کو گنداخہ سمیت پورے نصیر آباد ڈویژن کے پانی کے مسئلے کا مستقل حل نکالنے پر مجبور کیا جا سکے۔

15

ایمپلائمنٹ ٹیکس ایکٹ 2026 کے تحت رجسٹریشن اور پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے نوٹسز جاری کیے گئے۔ اس موقع پر متعلقہ کاروباری افراد کو پروفیشنل ٹیکس سے متعلق آگاہی فراہم کرتے ہوئے قانون کے مطابق بروقت رجسٹریشن، درست معلومات کی فراہمی اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی کی ہدایت کی گئی۔ BRA حکام نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد سے صوبائی محصولات میں اضافہ، ٹیکس نظام میں شفافیت اور کاروباری سرگرمیوں کی بہتر دستاویز بندی ممکن ہوگی۔

16

سے زیادہ ضرورت امن کی ہے، ہمیں پاکستان کے اندر عملی طور پر بھی کچھ کرنا چاہیے، اس ملک میں امن ہوگا تو انویسٹمنٹ بھی آئے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے خود اپنے مسائل کو حل کرنا ہے، مکالمے کو ترجیح دینی چاہیے، اگر کوئی قانون توڑے گا تو نہیں ہو سکتا کہ آپ اسے کھلی چھٹی دے دیں حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ نصیحت کرنا اور اچھے کو اچھا کہنا، برے کو برا کہنا ہماری ذمے داری ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب تک ہم ایک ترتیب کے ساتھ نہیں چلیں گے مسائل حل نہیں ہوں گے، قصور میں بچی کے قاتل کو کیوں بری کیا گیا؟

17

محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی جلد کی جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری کر کے بقایاجات کی مد میں 230000 روپے کی ادائیگی کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

18

پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں گینگ کا سرغنہ جاوید بروہی ہلاک ہو گیا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق ہلاک ہونے والا ملزم 12 سے زائد مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا جبکہ حیدرآباد اور جامشورو پولیس کو بھی مطلوب تھا۔ ترجمان کے مطابق کارروائی کے دوران دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا، جسے مزید علاج کے لیے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والی گاڑی بھی برآمد کر لی ہے۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، جس کے دوران گینگ کی دیگر وارداتوں اور ساتھیوں سے متعلق اہم معلومات سامنے آنے کی توقع ہے۔

19

خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے ایک مشترکہ بیان میں کہا گیا باری کاکڑ نامی شخص جو اپنے آپ کو سماجی رہنما بتاتا ہے گزشتہ روز صحافی نصیر احمد ایک گھریلو جھگڑے کا تصفیہ کرانے کے لئے اپنے دیگر چار دوستوں کے ہمراہ باری کاکڑ کے ان کے بلوانے پر گئے تھے جس پر مذکورہ شخص نے تصفیہ کرانے والوں پر حملہ آور ہو کر نہ صرف تشدد کا نشانہ بنایا بلکہ صحافی اور دیگر تصفیہ کرانے والوں کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب نے پولیس سے مطالبہ کیا کہ ملزم کے خلاف فوری قانونی کارروائی کی جائے۔

20

کیا بانیٔ پی ٹی آئی رہا ہو جائیں گے، عدالتوں نے ان کو سزا دی ہے، وہ بھگتنے کے بعد ہی باہر آئیں گے۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ وزیرِ اعلیٰ پنجاب کو دیگر صوبوں سے خطرہ لاحق نہیں ہونا چاہیے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ وزیرِ اعلیٰ پنجاب ہماری بہو ہیں، ایسے بیانات نہیں دینے چاہئیں، کے پی کے کو اس وقت امن و یکجہتی کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پنجاب میں وزیرِ اعلیٰ سہیل آفریدی اسٹریٹ موومنٹ میں خود ہی نظر آئے، سہیل آفریدی کارکنوں کے بجائے سیکیورٹی اسٹاف کے ساتھ گھوم کر پنجاب سے چلے گئے۔

21

میں لگائی جانے والی کھلی کچہری میں عوام کی گیس کے حوالے سے شکایات کا ازالہ بھی نہ ہو سکا تفصیلات کے مطابق سوئی سدرن گیس کمپنی سبی کی جانب سے سبی کے گیس صارفین کی مشکلات میں دن بدن اضافہ ہونے لگا شدید گرمی کے باوجود سبی میں سارا دن گیس پریشر کی کمی نشتے کی تیاری کے لئے صرف ایک گھنٹہ جبکہ دوپہر اور شام کے کھانے کی تیاری کے لئے صرف دو 2 گھنٹے فراہم کرنے کے باوجود گیس پریشر میں بھی واضح کمی کر دی گئی جبکہ ماہانہ بلوں میں کئی گنا اضافہ بھی کر دیا جاتا ہے صبح دوپہر رات کے کھانے کی تیاری کے لئے خواتین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے بلوچستان ہائی کورٹ کی جانب سے صوبے بھر میں عوام کو بلوں میں ریلیف دیا گیا تاہم سبی کے سینکڑوں صارفین اس ریلیف سے محروم رہے سبی میں گیس کی بندش بلاجواز لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کے لئے عوام نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر ڈپٹی کمشنر سبی کی جانب سے کھلی کچہری لگائی گئی جس میں عوام نے بندش لوڈشیڈنگ سمیت گیس بلوں کے حوالے سے بھی شکایات کی تاہم اس پر بھی عمل درآمد نہ ہو سکا عوامی سماجی سیاسی حلقوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سبی میں گیس صارفین کی مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔

22

ل سمیت غمی خوشی میں بھی ملازمین ادھار لینے پر مجبور مہنگائی کا جن بھی بے قابو تفصیلات کے مطابق سبی سمیت بلوچستان بھر کی میونسپل کمیٹیاں مالی بحران کو شکار ہو گئی جس کی وجہ سے ملازمین ماہانہ تنخواہوں جبکہ میونسپل کمیٹیاں پیٹرول سمیت دیگر اخراجات کی مد میں لاکھوں کی مقروض ہو گئی ملازمین تنخواہ نہ ملنے کی وجہ سے مالی بحران کا شکار ہو چکے ہے گھروں کے چولہے بھی ٹھنڈے جبکہ غمی خوشیوں کے لئے بھی ادھار کا سہارا لینے پر مجبور نظر آتے ہیں زیر تعلیم بچوں کے والدین اسکولوں کی فیس بھی جمع نہ کرا سکے سبی کی میونسپل ایمپلائز یونین سبی کے صدر سید اسماعیل شاہ جنرل سیکرٹری طاہر کوثر جوائنٹ سیکرٹری فیصل مسیح کا کہنا تھا کہ مہنگائی کے اس دور میں گھریلو اخراجات کے لئے بھی ادھار مانگ رہے ہیں صوبائی حکومت صوبائی وزیر بلدیات و سیکرٹری بلدیات سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ملازمین کی ماہانہ تنخواہوں کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ کنٹی جنسی فنڈز بھی فوری طور پر جاری کیے جائیں تاکہ صفائی کے نظام سمیت دیگر

23

اخراجات کو پورا کیا جا سکے بصورت دیگر ملازمین سڑکوں پر نکل آنے کے ساتھ ساتھ کام چھوڑ ہڑتال کرنے پر مجبور ہوں گے۔

سے رہائش ان کا حق بنتا ہے، جو انہیں ملنا چاہیے۔ سابق صدر کے وکیل بیرسٹر علی طاہر نے عدالت کو بتایا کہ عارف علوی کو صدارتی عہدہ ختم ہونے کے بعد یہ گھر الاٹ کیا گیا تھا، تاہم گھر انہیں دیے جانے کے باوجود اسے کوئی دوسرا شخص استعمال کر رہا ہے۔ دوسری جانب سابق کسٹم ملازم شہاب امام نے مقف اختیار کیا کہ یہ گھر انہیں قانونی طور پر الاٹ کیا گیا ہے اور ان کے پاس وزارت قانون کا خط موجود ہے، جس کے مطابق انہیں 60 برس بعد یہ گھر خالی کرنا ہے۔ شہاب امام نے کہا کہ سابق صدر کے پاس پہلے ہی کئی گھر ہیں، اس لیے انہیں اس گھر کی ضرورت نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سابق صدر کے معاملات کیبنٹ ڈویژن دیکھتا ہے اور اس کے پاس 200 گھر ہیں، اگر وہ چاہیں تو عارف علوی کو اسلام آباد میں گھر دیا جا سکتا ہے۔ عدالت نے فریقین کے وکلا کے دلائل سننے کے بعد سابق صدر عارف علوی کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔

24

کوشش کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ برسوں کے دوران افغانستان سے پیدا ہونے والی دہشت گردی کے نتیجے میں 4,700 سے زیادہ پاکستانی اپنی جانیں گنوا چکے ہیں، کابل افغان سرزمین پر سرگرم دہشت گرد گروہوں کے خلاف ٹھوس اور قابلِ تصدیق اقدامات کرنے میں ناکام رہا ہے۔ پاکستانی مندوب کے مطابق افغانستان ایک بار پھر دہشت گرد گروہوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ بن چکا ہے، جن میں تحریک طالبان پاکستان، کالعدم بلوچ لبریشن آرمی اور اس کا مجید بریگیڈ، داعش خراسان، ایسٹرن ترکستان اسلامک موومنٹ اور ان کے اتحادی شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صورتحال کو بیرونی عناصر مزید پیچیدہ بنا رہے ہیں جو افغانستان کے اندر موجود اپنے حمایت یافتہ گروہوں کو پاکستان اور دیگر ہمسایہ ممالک کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔ خیال رہے کہ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کی ایک حالیہ رپورٹ میں بھی کہا گیا ہے کہ افغانستان میں دہشت گرد گروہ اب بھی موجود ہیں، خواتین اور لڑکیوں پر پابندیاں، انہیں حکمرانی کے عمل سے باہر رکھنا، معاشی دباؤ، بنیادی خدمات فراہم کرنے کی کم ہوتی صلاحیت اور بڑے پیمانے پر لوگوں کی واپسی و ہجرت افغانستان کے طویل مدتی استحکام کیلئے خطرہ ہیں۔ اس پس منظر میں عاصم افتخار احمد نے کہا کہ اسلام آباد نے رابطے، انسانی امداد اور علاقائی تعاون کے ذریعے افغانستان کے استحکام کی حمایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغان طالبان کی بعض پالیسیوں پر تحفظات کے باوجود پاکستان نے اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کی اور افغانستان تک انسانی امداد کی بلاتعطل رسائی کی اجازت دی جیسا کہ سیکریٹری جنرل کی رپورٹ میں بھی بتایا گیا ہے، رپورٹنگ کی مدت کے دوران پاکستان کے راستے کم از کم 687 انسانی امدادی سامان سے لدے ٹرک افغانستان میں داخل ہوئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بدقسمتی سے پانچ سال قبل اس اہم موڑ پر عالمی برادری کی جو امیدیں اور توقعات تھیں، وہ پوری نہیں ہوئیں اور رفتہ رفتہ مایوسی اور ناامیدی میں تبدیل ہو گئیں، افغانستان کو درپیش چیلنجز کی شدت واضح ہے، اور سیکریٹری جنرل کی رپورٹ اس بات کو اجاگر کرتی ہے کہ طالبان کی جانب سے ظاہر کی جانے والی نسبتاً استحکام کی صورت حال ایسے بڑھتے ہوئے خطرات کو چھپا رہی ہے جو قلیل اور طویل مدت میں ملک کے استحکام کو متاثر کر سکتے ہیں۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ دہشت گردی افغانستان کے مسائل کا بنیادی مرکز رہی ہے، اس کی جڑیں طالبان اور دہشت گرد گروہوں کے درمیان گہرے تعلق میں ہیں، افغان طالبان دہشت گرد گروہوں کے خلاف کارروائی کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں بین الاقوامی افواج کی جانب سے چھوڑے گئے ہتھیاروں اور غیر قانونی اسلحے کی اسمگلنگ کے خطرے سے بھی خبردار کیا۔ اجلاس کے دوران امریکا نے بھی افغان طالبان کے حوالے سے تنقیدی موقف اختیار کیا، امریکی سفیر مائیک والٹز نے امریکی شہریوں کی حراست، دہشت گردی اور خواتین و لڑکیوں پر عائد پابندیوں کو اپنی گفتگو کا مرکز بنایا۔ والٹز نے کہا کہ امریکا طالبان کو امریکی شہریوں کو یرغمال بنانے کی اجازت نہیں دے گا، کسی صورت نہیں، طالبان امریکی شہریوں کو سودے بازی کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا کہ وہ امریکی شہریوں کی طالبان کی جانب سے حراست کی مذمت کرے اور ان کی رہائی کا مطالبہ کرے۔ روس نے موقف اختیار کیا کہ افغانستان کے معاملے میں دباؤ ڈالنے کے بجائے رابطہ کاری اور بات چیت ضروری ہے۔ روسی سفیر واسیلی نیبنزیا نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ حقیقی اور عملی نوعیت کے رابطے کا کوئی متبادل نہیں۔ پانچ سال قبل غیر ملکی افواج کے انخلا کو یاد کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ افغانستان کے تباہ ہونے یا ایک بلیک ہول بن جانے کی پیش گوئیاں درست ثابت نہیں ہوئیں۔ نیبنزیا نے افغانستان میں نسبتاً استحکام کی وجہ طالبان کی جانب سے ترقی، علاقائی تعاون اور ایک خود انحصار ریاست کی تعمیر پر توجہ کو قرار دیا۔ انہوں نے افغان حکام کے ساتھ اعتماد کی بنیاد پر بات چیت پر زور دیا اور کہا کہ یہ مکالمہ "دباؤ اور بلیک میلنگ کی زبان سے مکمل طور پر پاک" ہونا چاہیے۔ چین نے بھی خواتین کے ساتھ برتاؤ پر خدشات کا اظہار کرتے ہوئے افغانستان کے ساتھ رابطے جاری رکھنے کی حمایت کی۔ چین کے نائب سفیر سن لی نے تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ افغان حکومت کے ساتھ رابطے اور بات چیت کے نتیجے میں حاصل ہونے والے مثبت نتائج کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں، نیک نیتی کا مظاہرہ کریں اور صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ انہوں نے کہا کہ افغان خواتین اور لڑکیوں پر عائد پابندیاں ان کی جسمانی اور ذہنی صحت کو متاثر کر رہی ہیں اور سماجی استحکام اور ترقی کے امکانات کو نقصان پہنچا رہی ہیں، جس کے باعث افغانستان کے لئے مزید بین الاقوامی حمایت حاصل کرنا مشکل ہو رہا ہے۔ چین نے افغان حکمرانوں پر زور دیا کہ وہ تمام افغان شہریوں، بشمول خواتین، کے بنیادی حقوق اور مفادات کی ضمانت دیں۔ چین نے بظاہر امریکا کا حوالہ دیتے ہوئے ایک متعلقہ ملک سے مطالبہ کیا کہ وہ افغانستان کے لیے اپنی تاریخی ذمہ داریاں پوری کرے، افغانستان کے لیے امداد دوبارہ شروع کرے، یک طرفہ پابندیاں ختم کرے، افغان مرکزی بینک کے بیرونِ ملک موجود اثاثے واپس کرے اور ملک کی تعمیر نو اور ترقی کے لیے وسائل فراہم کرے۔

25

، انجینئر گہرام گچکی سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر انجینئر گہرام گچکی نے ایلمنٹری کالج تربت کی نئی عمارت میں جاری تعمیرو مرمت کے کام، باقی ماندہ تعمیراتی امور اور چار دیواری، پانی، بجلی سمیت دیگر بنیادی سہولیات کے

حوالے سے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں کالج کی عمارت کو مکمل طور پر فعال بنانے اور نئی عمارت میں منتقلی کے لیے درکار اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کالج کی نئی عمارت میں منتقلی سے متعلق تمام زیر التوا امور اور تعمیراتی کام ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ تعلیمی سرگرمیوں کا بروقت آغاز اور تسلسل برقرار رکھا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کے شعبے کی بہتری اور طلبہ و طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ کالج کی چار دیواری، پانی، بجلی اور دیگر ضروری سہولیات سے متعلق مسائل کے حل کے لیے متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کریں اور کام مقررہ معیار کے مطابق جلد مکمل کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد اور تعلیمی اہمیت کے حامل منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی غیر ضروری تاخیر یا غفلت سے گریز کیا جائے۔

26

گوالمنڈی میں مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاالحق مندوخیل نے صحافی پر تشدد کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے فوری کارروائی کی۔ وزیر اعلیٰ کے اسٹاف آفیسر سید امین نے بھی پولیس حکام اور متاثرہ صحافی نصیر کاکڑ سے رابطہ کیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ ملزم ملک باری کاکڑ کے خلاف تھانہ گوالمنڈی میں درج کر لیا گیا ہے جبکہ واقعے کی مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ معاملے میں تمام قانونی تقاضے پورے کیے جا رہے ہیں۔

27

کے منصوبے میں شامل کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ سرکاری اسکولوں میں خالی SST اسامیوں کو ایڈہاک بنیادوں پر پر کرنے کے حوالے سے بھی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کلسٹر بجٹ کے استعمال اور اخراجات کی جانچ پڑتال کے لیے تشکیل دی گئی انسپکشن کمیٹی کے امور پر بھی غور کیا گیا، تاکہ کلسٹر بجٹ کے شفاف اور موثر استعمال کو یقینی بنایا جا سکے۔ اسی طرح بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تحت چلنے والے اسکولوں کی باقاعدہ مانیٹرنگ پر بھی زور دیا گیا، تاکہ ان اداروں میں تعلیمی معیار اور سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر جہانزیب بلوچ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع میں تعلیمی اداروں کی کارکردگی، اساتذہ کی دستیابی، طلبہ کی حاضری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

28

، جبکہ ایک روز قبل یہ تعداد 12 تھی۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ تعداد گذشتہ 10 روز کے یومیہ اوسط، یعنی تقریبا 17 جہازوں، سے بھی خاصی کم ہے۔ اعداد و شمار میں ایسے جہاز شامل نہیں ہیں جنھوں نے اپنی نقل و حرکت کو خفیہ رکھنے کیلئے آٹومیٹک آئیڈنٹیفیکیشن سسٹم (اے آئی ایس) ٹرانسپونڈر بند کر کے آبنائے ہرمز عبور کی ہو۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے اور خلیجی ممالک سے تیل اور دیگر اشیا کی بڑی مقدار اسی راستے کے ذریعے عالمی منڈیوں تک پہنچتی ہے۔ جہازوں کی آمد و رفت میں یہ کمی خطے میں سکیورٹی خدشات اور تجارتی سرگرمیوں پر ممکنہ اثرات کے تناظر میں اہم سمجھی جا رہی ہے۔

29

مطابق جیونی کے رہائشی احسان بلوچ ولد محمد حسن کی لاش بھی برآمد ہونے والی لاشوں میں شامل ہے۔ بعض ذرائع اور لواحقین کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ احسان بلوچ کو 22 مئی 2026 کو ان کے گھر سے مبینہ طور پر حراست میں لے کر لاپتہ کیا گیا تھا۔ آج ان کی لاش گوادر سے برآمد ہوئی، جس پر تشدد کے نشانات موجود ہونے کی اطلاعات ہیں۔ اسی طرح گوادر سے برآمد ہونے والی دوسری لاش کی شناخت حسن رفیق کے نام سے ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق حسن رفیق کو 24 اگست 2026 کو جیل سے ضمانت پر رہائی ملی تھی، تاہم لواحقین کا دعویٰ ہے کہ جیل کے گیٹ سے باہر نکلنے کے بعد انہیں مبینہ طور پر دوبارہ حراست میں لے کر لاپتہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حسن رفیق کی لاش بھی گوادر سے برآمد ہوئی۔ واقعے کے حوالے سے لواحقین اور دیگر حلقوں کی جانب سے ماورائے عدالت قتل کے الزامات عائد کیے گئے ہیں، تاہم ان دعوؤں کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔ دریں اثنا گوادر/جیونی سے برآمد ہونے والی تیسری لاش کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ اس کا تعلق تربت سے ہے، تاہم شناخت کی حتمی تصدیق نہیں ہو سکی۔ لاشوں کو ضروری کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ واقعے کے مزید حقائق سامنے آنے کا انتظار ہے۔

30

چکا ہے، پیٹرول کی قیمت 400 روپے فی لیٹر تک پہنچنا تاریخ کا بدترین ظلم ہے، جس سے عام آدمی کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے براہ راست اثرات اشیائے ضروریہ، سفری اخراجات اور ہر شعبہ زندگی پر پڑتے ہیں، جبکہ ٹرانسپورٹرز کیلئے گاڑیوں کے اخراجات، اسپیئر پارٹس، ٹائرز، مرمت اور دیگر ضروریات پہلے ہی انتہائی مہنگی ہو چکی ہیں۔ موجودہ صورتحال میں ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے مہنگائی کا نیا بوجھ ڈال رہی ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو ٹرانسپورٹرز کیلئے موجودہ کرایوں پر سروس جاری رکھنا ممکن نہیں ہوگا، جس کے نتیجے میں مسافروں کو بھی مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری اور مؤثر کمی کرے، ٹرانسپورٹرز کیلئے خصوصی ریلیف پیکیج کا اعلان کیا جائے اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے حوالے سے ایسا نظام وضع کیا جائے جس سے عوام اور ٹرانسپورٹرز کو مسلسل بڑھتی ہوئی مہنگائی سے نجات مل سکے۔

31

انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا، تاہم فوری طور پر جانی نقصان یا زخمیوں کی کوئی تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ سعودی قیادت میں قائم اتحاد کی جانب سے ان حملوں کے بارے میں فوری طور پر کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا۔ یاد رہے کہ یمن میں حوثی باغیوں اور سعودی حمایت یافتہ فورسز کے درمیان جاری تنازع کے دوران مواصلاتی اور دیگر اہم تنصیبات

متعدد مرتبہ حملوں کی زد میں آ چکی ہیں۔ دوسری جانب یمن کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حکومت اور حوثی باغیوں کے درمیان لڑائی میں شدت آ گئی ہے، جہاں دونوں فریقوں نے مارب، تعز اور الحدیدہ سمیت مختلف محاذوں پر حملوں کے دعوے کیے ہیں۔ حکومتی فورسز کا کہنا ہے کہ سعودی قیادت میں قائم اتحاد نے بندرگاہی شہر مخا کے قریب حوثیوں کے ٹھکانوں اور عسکری ساز و سامان کو نشانہ بنایا، جبکہ سرکاری فوج نے شمالی مارب میں ڈرون حملے بھی کیے۔ ادھر حوثیوں نے دعویٰ کیا ہے کہ سعودی افواج نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ان کے زیرِ کنٹرول علاقوں پر 40 فضائی حملے کیے۔ حوثیوں کے مطابق جواباً انھوں نے سعودی عرب کے شہر خمیس مشیط میں ایک فضائی اڈے اور ینبع میں تیل کی تنصیبات کو نشانہ بنایا۔

32

کے لیے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، جس کے بعد دونوں جانب فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ فائرنگ کے نتیجے میں مطلوب ملزم جاوید علی بروہی شدید زخمی ہو گیا، جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ دورانِ علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ مقابلے کے دوران ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا جسے بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔ کارروائی کے دوران پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور ایک گاڑی برآمد کی جو مبینہ طور پر جرائم کی سرگرمیوں میں استعمال کی جا رہی تھی۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والا ملزم جاوید علی بروہی حیدرآباد اور جامشورو میں درج 12 سے زائد سنگین مقدمات میں مطلوب تھا۔ ان مقدمات میں ڈکیتی، مسلح جرائم، پولیس پر مزاحمت اور منشیات سے متعلق دفعات شامل ہیں۔ گرفتار دونوں ملزمان کو مزید تفتیش کے لیے حراست میں لے لیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دورانِ تفتیش ملزمان کے دیگر ساتھیوں اور ان کے مبینہ جرائم کے نیٹ ورک سے متعلق اہم معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔ پولیس حکام نے عزم ظاہر کیا ہے کہ علاقے میں امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رکھی جائیں گی۔

33

دوسرے پروجیکٹائل نے جہاز کو نشانہ بنایا، جس سے معمولی نوعیت کے زخم آئے۔ جبکہ بعض افراد کو دھوئیں کے باعث سانس لینے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ زخمیوں کو علاج کیلئے منتقل کیا گیا۔ واقعے کی مزید تفصیلات اور حملے میں استعمال ہونے والے ہتھیاروں کی آزادانہ تصدیق فوری طور پر نہیں ہو سکی، جبکہ امریکی فوج کی جانب سے بھی ابھی تک اس واقعے پر تفصیلی عوامی بیان سامنے نہیں آیا۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ کے باعث آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی آمد و رفت اور عالمی توانائی کی سپلائی کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ حالیہ دنوں میں آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تجارتی جہازوں کی تعداد معمول کے مقابلے میں نمایاں کم ہوئی ہے۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین توانائی اور تجارتی گزرگاہوں میں شامل ہے، اس لئے یہاں کسی بھی نئے حملے سے عالمی تیل کی سپلائی اور سمندری تجارت کے خدشات مزید بڑھ سکتے ہیں۔

34

کہ کنٹینرز راولپنڈی اور اسلام آباد کیلئے ادویات لے کر آئے تھے۔ گرمی کے باعث کنٹینرز میں موجود ادویات خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ مالکان کا کہنا ہے کہ پولیس نے ہم سے کنٹینرز کی چابیاں اور کاغذات بھی لے لیے ہیں۔ ڈرائیونگ لائسنس، بلٹی رسید سمیت دیگر دستاویزات بھی پولیس نے لے لیں۔

35

طالبان سکیورٹی اہلکاروں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کے مطابق صوبہ ہلمند کے امام رباط چوکی کے علاقے میں طالبان اہلکاروں کو نشانہ بنایا گیا۔ ہلمند میں کارروائی کیدوران طالبان رجیم کے 2 اہلکار ہلاک اور 2 کلاشنکوف رائفلیں قبضے میں لے لی گئیں۔ قندھار کے باغ پل بازار میں طالبان رجیم کیخلاف کارروائی میں ایک اہلکار کو ہلاک کیا گیا۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ کا کہنا تھا کہ قندھار سے بلخ اور ہرات سے بدخشاں تک افغان طالبان رجیم کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

36

واقعہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں دو کمسن بہنیں جاں بحق جبکہ دو خواتین سمیت تین افراد شدید زخمی ہو گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ آسمانی بجلی کا دھماکہ خیز تازیانہ ایک رہائشی مکان پر گرا، جس کی شدت کے باعث گھر مکمل طور پر تباہ ہو گیا حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کیں اور ملبے تلے دبے زخمیوں کو نکال کر علاج کے لیے مقامی اسپتال منتقل کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بالاکوٹ کے مطابق انتظامیہ کی جانب سے متاثرہ خاندان کی فوری دیکھ بھال کے لیے امدادی سامان روانہ کر دیا گیا ہے جبکہ علاقے میں ریلیف کی کارروائیاں جاری ہیں۔

37

ذرائع کے مطابق ڈاکٹر عائشہ فیض کے خلاف محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) اور نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) میں پیکا ایکٹ کے تحت مقدمات درج ہیں۔

38

معاشرے کی آواز اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کا اہم ذریعہ ہیں، انہیں دھمکانا یا تشدد کا نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں، عبدالغنی شہزاد نے نصیر احمد کاکڑ سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے واقعے پر افسوس اور یکجہتی کا اظہار کیا اور ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی، انہوں نے حکومت بلوچستان اور پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لے کر مبینہ طور پر ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور بلوچستان بھر میں صحافیوں کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

39

تک دی جا رہی ہے۔ سماعت کے دوران جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیئے کہ دونوں وکیل ہیں، اسلئے ان کی عزت رکھ رہے ہیں، تاہم انہیں بھی کہہ دیں کہ عدالت کے ڈیکورم کا خیال رکھیں۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ ایک وکیل اور ایک عام آدمی میں فرق ہوتا ہے۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل رانا اسد نے ایمان مزاری اور ان کے شوہر کی ضمانت کی مخالفت کی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل رانا اسد نے موقف اختیار کیا کہ ہائیکورٹ نے ابھی مخالفت میں کوئی فیصلہ نہیں دیا، ٹرائل کورٹ میں 7 مواقع فراہم کیے گئے تھے۔ سزا کی معطلی کا عدالتی فورم سیکشن 426 کے تحت ہائیکورٹ ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے

پراسیکیوشن کو آخری موقع دے رکھا ہے۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیئے کہ ہائیکورٹ کے جج صاحب آرڈر میں سپریم کورٹ کا حکم لکھتے ہیں تو کیس ملتوی ہو جاتا ہے، پھر جب سپریم کورٹ میں کیس آتا ہے تو ہائیکورٹ میں نئی تاریخ آجاتی ہے۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے مزید ریمارکس دیے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ اپنے انداز میں سپریم کورٹ کو کام کرنے سے روک رہی ہے۔ انہوں نے استفسار کیا کہ سپریم کورٹ کے پہلے حکم کے بعد کیا ہوا بتا دیں۔ وکیل فیصل صدیقی نے عدالت کو بتایا کہ 12 مئی کو آپ نے پہلا حکم جاری کیا۔ 12 مئی کو کیس 2 ہفتوں میں فیصلہ کی ہدایت کی گئی۔ وکیل فیصل صدیقی نے اسلام آباد ہائیکورٹ کی مختلف سماعتوں کی آرڈر شیٹس بھی پڑھ کر سنائیں۔ دوران سماعت عدالت نے ایڈیشنل اٹارنی رانا اسد کو بیٹھنے کی ہدایت کر دی۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ پہلے وکیل فیصل صدیقی کے دلائل سنیں گے، جس پر وکیل فیصل صدیقی نے مسکراتے ہوئے کہا کہ بالکل یہ بیٹھ جائیں، لیکن تھکا تو انہوں نے ہمیں دیا ہے۔ وکیل نے کہا کہ سابقہ جج جسٹس آصف سعید کھوسہ کہتے تھے صرف جج یا وکیل کے فوت ہونے پر ہی کیس ملتوی ہوگا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے کیس کو متعدد مرتبہ ملتوی کیا ہے۔ ہماری جلد سماعت کی درخواست کو ہائیکورٹ رجسٹرار آفس نے مسترد کر دیا۔ ہائیکورٹ میں جو کچھ ہوا وہ ہمارے لیے سرپرائز تھا۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ آج کل سرپرائز کا دور ہے۔ دریں اثنا سپریم کورٹ کی جانب سے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی سزائیں معطل اور فوری رہائی کے حکم پر شیریں مزاری آبدیدہ ہو گئیں۔ شیریں مزاری نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ الحمدللہ کا شکر ہے، سپریم کورٹ سے ہمیں بہت امیدیں تھیں اور آج انصاف مل گیا۔ سابق سینیٹر افراسیاب خٹک نے اپنی پوسٹ میں بتایا کہ سپریم کورٹ نے کچھ دیر قبل ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف سزا کا حکم معطل کیا ہے۔ انہوں نے وکیل فیصل صدیقی کی جانب سے کیس کے دلائل کا بھی ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ دونوں وکلا 8 ماہ سے زائد عرصہ جیل میں گزارنے کے بعد رہا ہو جائیں گے۔

40

امیگریشن کی روک تھام کیلئے انٹیگریٹڈ سینٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی کے ساتھ باہمی تعاون بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ کم وسائل کے باوجود غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد کمی ایک چیلنجنگ ٹاسک تھا۔ غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کو چیلنج سمجھ کر قبول کیا اور پوری ٹیم نے دن رات محنت کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ غیر قانونی امیگریشن میں 100 فیصد کمی ہی اگلا ہدف ہے، جسے ہر صورت حاصل کریں گے، غیر قانونی مائیگریشن میں کمی کیلئے لیگل مائیگریشن کی نئی راہیں کھولنا ضروری ہے، غیر قانونی امیگریشن کی روک تھام کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور افسران کی ٹریننگ کی ضرورت ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ بارڈر مینجمنٹ کو مزید موثر بنانے کے لئے دور جدید کے تقاضوں کے مطابق اداروں کی استعداد کار بڑھانے پر توجہ دی جا رہی ہے، غیر قانونی امیگریشن کے مکمل خاتمے کے لیے مزید عملی اقدامات اور مربوط تعاون کی ضرورت ہے۔ ڈائریکٹر جنرل آئی سی ایم پی ڈی نے کہا کہ پاکستان کی غیر قانونی امیگریشن کے خلاف کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ ایم پی ڈی کے وفد نے ایف آئی اے کی رسک اینالیسس رپورٹ کو سراہا۔

41

کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو اقوام متحدہ جنرل اسمبلی سے خطاب بھی کریں گے۔

42

سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے اور ہم دیکھیں گے کہ یہ معاملہ کیسے آگے بڑھتا ہے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا ایران نے براہ راست ان سے رابطہ کیا ہے یا کسی ثالث کے ذریعے پیغام پہنچایا ہے، تو ٹرمپ نے کہا کہ ایران کی جانب سے مجھ سے براہ راست رابطہ کیا گیا ہے۔ جب ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ امریکا اس وقت جنگ کے کس مرحلے میں ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ امید ہے کہ ہم جنگ کے اختتام کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ جنگ کے اختتام کی جانب پیش رفت ہو سکتی ہے۔ ٹرمپ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران جنگ ساتویں ماہ میں داخل ہو چکی ہے، تاہم فوری طور پر اس کے خاتمے کے واضح آثار دکھائی نہیں دے رہے۔ دوسری جانب امریکی میڈیا ادارے ایگزیوس نے رپورٹ کیا ہے کہ ٹرمپ آئندہ منگل کو نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر خلیجی ممالک کے رہنماؤں سے ملاقات کر سکتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق متوقع ملاقات میں ایران جنگ اور جنگ کے بعد کی صورتحال سے متعلق امریکی منصوبہ بندی پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ تاہم ملاقات کے حتمی انتظامات اور ایجنڈے سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنا باقی ہیں۔ ایران جنگ کے ساتویں ماہ میں داخل ہونے کے باوجود تنازع کے مستقل خاتمے کے حوالے سے صورتحال غیر یقینی ہے، جبکہ خطے کے ممالک جنگ کے ممکنہ بعد کے سیاسی اور سکیورٹی اثرات پر بھی نظر رکھے ہوئے ہیں۔

43

میں جاں بحق ہونے والے افراد مبینہ طور پر ڈکیتی اور گاڑی چوری کی وارداتوں میں ملوث گروہ کا حصہ تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق نوزہ کا نک میں مسلح افراد نے تین افراد کو فائرنگ کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں دو افراد موقع پر جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہو گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاشوں و زخمی کو طبی امداد کے لیے کوئٹہ منتقل کر دیا۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ جاں بحق افراد میں سے ایک کا تعلق ڈھاڈر جبکہ دوسرے کا مستونگ سے بتایا جاتا ہے۔ پولیس کے مطابق ابتدائی طور پر واقعے میں ملوث افراد کا تعلق ایک کالعدم تنظیم سے ہونے کا شبہ ظاہر کیا گیا ہے، تاہم واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق مقتولین مبینہ طور پر ڈکیتی اور گاڑی چوری کی وارداتوں میں ملوث ڈکیت گروہ سے تعلق رکھتے تھے، تاہم اس حوالے سے مزید شواہد اور تحقیقات کے بعد صورتحال واضح ہوگی۔

44

غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کو نشانہ بنانے والی حالیہ پابندیوں کا اعلان اس انتباہ کے بعد سامنے آیا ہے کہ دو ریاستی حل کو تباہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اقدامات غیر قانونی قبضے کو نشانہ بناتے ہیں نہ کہ اسرائیل کی ریاست کو۔ ملی بینڈ نے کہا کہ اسٹیٹس کو کام نہیں کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل کے ای 1 آبادکاری کے توسیعی منصوبے کو طویل عرصے سے بین الاقوامی برادری کے لیے ایک

"سرخ لکیر" کے طور پر دیکھا جا رہا ہے کیونکہ یہ بنیادی طور پر مشرقی یروشلم کو مغربی کنارے سے الگ کر دے گا جو واقعی فلسطینی ریاست کو ناقابل عمل بنا دیتا ہے۔

45

نے بتایا ہے کہ پاکستان 2027ء میں چین سے 30 ارب یوآن کی سویپ سہولت میں توسیع مانگے گا، چین کی 30 ارب یوآن کی پوری کرنسی سویپ سہولت استعمال ہو چکی ہے، سویپ سہولت کی تجدید پر اضافی مالی معاونت کی باضابطہ درخواست کریں گے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ امریکا سے 10 ارب ڈالر کی ایکسچینج اسٹیبلائزیشن سہولت پر دو ماہ میں جواب متوقع ہے، پاکستان ایگزیم بینک اور ڈی ایف سی سے بھی مالی معاونت کے لیے بات چیت کر رہا ہے، ایگزیم فنانسنگ سے پی آئی اے کے بوئنگ طیاروں کی خریداری میں مدد مل سکتی ہے، ڈی ایف سی سے آئل ریفائنریوں کی اپ گریڈیشن کے 5 ارب ڈالر کے پروگرام میں مدد متوقع ہے۔

46

تعاون فراہم کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں پہلے سینٹر آف ایکسیلنس اور ڈیف ریچ سینٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وفاقی سیکرٹری اسد رحمٰن گیلانی، سیکرٹری سماجی بہبود عصمت اللہ قریشی، ڈائریکٹر جنرل سماجی بہبود سیف اللہ کھیتران، پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے چیف ایگزیکٹو نادر گل بڑیچ، ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ، صوبائی محتسب برائے انسداد ہراسیت طاہرہ بلوچ، اور دیگر حکام و شخصیات موجود تھیں۔ تقریب میں تلاوت کلام پاک کے بعد اشاروں کی زبان میں تلاوت کا ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔ وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ ڈیف اسکول کا دورہ کر کے انہیں فخر محسوس ہو رہا ہے، خصوصی بچوں کیلئے اس اسکول کو فعال بنانا اہم اقدام ہے۔ ڈونرز کے تعاون سے اسٹیٹ آف دی آرٹ اسکولز کے قیام سے خصوصی بچوں کیلئے بہتر تعلیمی نظام پروان چڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت خصوصی بچوں کے مسائل کا ادراک رکھتی ہے اور صوبے کے مختلف اضلاع میں ان کیلئے مزید اسکولز قائم کیے جائیں گے۔ خصوصی بچوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ مختلف ہنر بھی سکھائے جا رہے ہیں تاکہ وہ معاشرے کے کارآمد شہری بن سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان حکومت کو وفاق کی جانب سے جس تعاون کی ضرورت ہوگی، وفاقی حکومت اس کیلئے ہمیشہ تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے طلبہ و طالبات سے ملاقات اور گفتگو ہوئی ہے اور حکومت اپنے لوگوں کی خدمت کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ خصوصی بچوں کی تعلیم، تربیت اور فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں اور اس شعبے میں مزید اقدامات کی ضرورت ہے، کمک پروگرام خاص طور پر اسپیشل افراد کیلئے شروع کیا گیا ہے۔ سیکرٹری سماجی بہبود عصمت اللہ قریشی نے کہا کہ ڈیف ریچ سینٹر کا قیام خوش آئند ہے۔ سماجی بہبود محکمہ کمک پروگرام کے تحت خصوصی بچوں کی تعلیم، ٹرانسپورٹ، سماعت کے آلات، خصوصی افراد کی شادی کے اخراجات، ماہانہ مالی امداد اور خصوصی بچوں کیلئے پانچ لاکھ روپے تک بلاسود قرض فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی انڈومنٹ فنڈ کے تحت سات بیماریوں کا علاج معالجہ بھی کیا جاتا ہے، جبکہ اس منصوبے کے پینل میں ملک بھر کے 17 بڑے اسپتال شامل ہیں۔ بلوچستان کے 41 اضلاع میں سماجی بہبود کے مراکز قائم ہیں جہاں کم خواندہ بچوں کو مختلف ہنر سیکھنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل سماجی بہبود سیف اللہ کھیتران نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور حاجی ولی محمد نورزئی کی ہدایات پر پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے تعاون سے ڈیف اسکول کی تزئین و آرائش کی گئی ہے۔ اسکول میں معیاری تعلیم کے ساتھ خصوصی بچوں کو ہنر بھی فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی بچوں کو دیگر بچوں کی نسبت کم سہولیات میسر ہیں جو افسوسناک ہے، ان بچوں کو زیادہ توجہ اور وسائل کی ضرورت ہے۔ حکومت بلوچستان ڈونرز کے تعاون سے خصوصی بچوں کو درپیش مسائل کے حل اور تعلیم سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے گی۔ پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر نادر گل بڑیچ نے کہا کہ پی پی اے ایف 2000 سے ملک بھر میں غربت کے خاتمے کیلئے کام کر رہا ہے، بالخصوص صحت اور تعلیم سمیت انسانی زندگی سے جڑے مختلف شعبوں میں اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت 2390 بچے اور بچیاں پی پی اے ایف کی اسکالرشپ پر تعلیم حاصل کر رہے ہیں، جن کی تعداد آئندہ سال 3500 تک پہنچانے کا ہدف ہے۔ انہوں نے کہا کہ غربت سے نکالنے کا عمل ایک مسلسل جدوجہد ہے۔ سماجی بہبود محکمہ، پی پی اے ایف اور ایف ای ایس ایف کے اشتراک سے بلوچستان میں ڈیف بچوں کیلئے کام شروع کیا گیا اور ڈیف اسکول کی عمارت کی تزئین و آرائش کی گئی۔ چھ ماہ کے عرصے میں ڈیف ریچ سینٹر کے ذریعے ادارے کو فعال بنایا گیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سیٹلائٹ اسکولز کے ذریعے اس پروگرام کو بلوچستان کے مزید علاقوں تک وسعت دی جائے گی۔ ایف ای ایس ایف کے محمد اسامہ نے کہا کہ ملک بھر میں اسکولوں سے باہر موجود 26 ملین بچوں کو دوبارہ تعلیمی اداروں میں لانے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ پاکستان میں دس لاکھ سے زائد خصوصی بچے ہیں جنہیں تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے حکومت بلوچستان سے اپیل کی کہ خصوصی بچوں کی تعلیم کے فروغ کیلئے متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان بھر میں 108 مقامات پر خصوصی بچوں کیلئے اسکول قائم کئے گئے ہیں۔

47

ملاقات نیویارک میں ہوئی، جس کی میزبانی اقوام متحدہ میں امریکی سفیر مائیک والٹز نے کی۔ اسرائیلی وزیر خارجہ جدون ساعر اور مراکشی وزیر خارجہ ناصر بوریطہ نے اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا۔ اس سلسلے میں رواں سال کے اختتام تک سرمایہ کاری کے تحفظ اور دوہرے ٹیکس سے بچاؤ کے حوالے سے دو معاہدوں کو حتمی شکل دی جائے گی۔ اقوام متحدہ میں امریکی مشن نے تینوں ممالک کی جانب سے جاری مشترکہ بیان میں کہا کہ مراکش اور اسرائیل کے درمیان مکمل سفارتی، پرامن اور دوستانہ تعلقات کا قیام دونوں ممالک کے مشترکہ مفاد میں ہے اور اس سے امن کے مقصد کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ دونوں فریقوں نے فضائی سفر میں توسیع، بشمول دونوں ممالک کی ایئر لائنز کی براہ راست پروازوں کی بحالی پر بھی اتفاق کیا۔ اس کے علاوہ آنے والے مہینوں میں اعلیٰ سطح کے دوطرفہ دوروں کے منصوبوں کی بھی تصدیق کی گئی۔ واضح رہے کہ مراکش ان 4 عرب ممالک میں سے ایک ہے

چین سے 30 ارب یوآن کی سوئپ سہولت میں توسیع کی درخواست کا فیصلہ

ایگزیم فنانسنگ سے پی آئی اے کے بوئنگ طیاروں کی خریداری،، امریکا سے 10 ارب ڈالر پر جواب متوقع

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے چین سے حاصل کی گئی 30 ارب یوآن کی سوئپ سہولت میں توسیع کی درخواست کا فیصلہ کیا ہے جب کہ امریکا سے 10 ارب ڈالر کی ایکسچینج اسٹیبلائزیشن سہولت پر دو ماہ میں جواب متوقع ہے۔ اس حوالے سے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب (باقی صفحہ 3 نمبر45)

بلوچستان میں خصوصی بچوں کیلئے مزید اسکول قائم کئے جائیں گے، اورنگزیب کھچی

خصوصی بچوں کو معیاری تعلیم کے ساتھ ہنر بھی فراہم کیا جا رہا ہے، وفاقی وزیر

کوئٹہ (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ خصوصی بچوں کو معیاری تعلیم کے ساتھ ہنر بھی فراہم کیا جا رہا ہے، بلوچستان کے دیگر اضلاع میں بھی خصوصی بچوں کیلئے مزید اسکولز قائم کرنے کی ضرورت ہے، وفاقی حکومت اس سلسلے میں صوبائی حکومت کو ہرممکن (باقی صفحہ 3 نمبر46)



کوئٹہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی سے پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی حاجی عبدالمجید بادینی ملاقات کررہے ہیں

مستونگ، نوزہ کانک میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، ایک زخمی

پولیس کے مطابق ملزمان کا تعلق کالعدم تنظیم سے ہوسکتا ہے، لاشیں اور زخمی کوئٹہ منتقل، تحقیقات شروع

مستونگ (جی این ایم) مستونگ کے علاقے نوزہ کانک میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص شدید زخمی ہوگیا، پولیس کے مطابق واقعے (باقی صفحہ 3 نمبر43)

ایران کے خلاف جاری جنگ اب اختتام کے قریب پہنچ رہی ہے، ٹرمپ

ایران نے امریکا سے براہِ راست رابطہ کیا ہے، وہ معاہدہ کرنا چاہتا ہے، امریکی صدر کی صحافیوں سے گفتگو

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہیں امید ہے کہ ایران کے خلاف جاری جنگ اب اختتام کے قریب پہنچ رہی ہے، ایران نے امریکا سے براہِ راست رابطہ کیا ہے، وہ معاہدہ کرنا چاہتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شمالی کیرولائنا میں صحافیوں (باقی صفحہ 3 نمبر42)

وزیراعظم شہباز شریف برطانیہ کے دورے پر روانہ

شہباز شریف لندن میں قیام کے بعد امریکا کے دورے پر روانہ ہوں گے، ذرائع

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف برطانیہ کے دورے پر روانہ ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق شہباز شریف برطانیہ کے دورے پر روانہ ہوگئے ہیں جہاں وہ 2 دن لندن میں قیام کریں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ شہباز شریف لندن میں قیام کے بعد امریکا (باقی صفحہ 3 نمبر41)

سپریم کورٹ میں ایمان مزاری اور ہادی علی کی ضمانتیں منظور

2 لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم، ٹرائل کورٹ کا فیصلہ معطل

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ نے ایمان مزاری اور ہادی علی کی ضمانتیں 2 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض منظور کرتے ہوئے ان کے خلاف ٹرائل کورٹ کا فیصلہ معطل کردیا۔ جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، جس میں عدالت نے قرار دیا کہ ضمانت اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت کیس کے حتمی فیصلے (باقی صفحہ 3 نمبر39)

ڈاکٹر عائشہ فیض انسدادِ دہشت گردی عدالت میں پیش، جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

پیکا ایکٹ کے تحت سی ٹی ڈی اور این سی سی آئی اے میں مقدمات درج، سینئر قانون دان طاہر ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے

کوئٹہ (جی این ایم) ریٹائرڈ پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض کو انسدادِ دہشت گردی عدالت میں پیش کیا گیا، جہاں عدالت نے انہیں جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر عائشہ فیض کو انسدادِ دہشت گردی کے جج سید علی مبین کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ سماعت کے دوران ڈاکٹر عائشہ فیض کی جانب سے سینئر قانون دان طاہر ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے کارروائی کے بعد ڈاکٹر عائشہ فیض کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر37)



کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری آرچر روڈ پر متروکہ وقف املاک بورڈ کی اراضی پر کمرشل پلازہ کا معائنہ کررہے ہیں

حب، مبینہ پولیس مقابلے میں 12 مقدمات میں مطلوب ڈکیت ہلاک، دو ساتھی گرفتار

فائرنگ کے تبادلے میں ایک ملزم جاوید علی بروہی ہلاک اور ایک پولیس اہلکار زخمی، اسلحہ اور گاڑی برآمد، پولیس حکام

کوئٹہ (جی این ایم) حب وندر پولیس نے آر سی ڈی ہائی وے پر ڈکیتی کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث گروہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 12 مقدمات میں صوبہ سندھ جامشورو حیدرآباد کو 12 سنگین وارداتوں میں مطلوب ملزم ہلاک جبکہ اس کے دو ساتھیوں کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق خفیہ اطلاع پر کی گئی کارروائی کے دوران ملزمان نے گرفتاری سے بچنے (باقی صفحہ 3 نمبر32)

سعودی اتحاد نے یمن میں ٹیلی کمیونیکیشن ٹاورز پر فضائی حملے کئے ہیں، حوثی میڈیا

فریقین کے مارب، تعز اور الحدیدہ سمیت مختلف محاذوں پر حملوں کے دعوے

صنعا (جی این ایم) یمن کے صوبہ تعز میں سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد کے جنگی طیاروں نے تین ٹیلی کمیونیکیشن ٹاورز کو نشانہ بنایا ہے۔ حوثیوں کے زیر انتظام ٹی وی چینل المسیرہ کے مطابق فضائی حملے تعز ضلع کے علاقوں الذکرہ اور الحوبان جبکہ ضلع خدیر کے علاقے الراھدہ میں واقع مواصلاتی ٹاورز پر کیے گئے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حملوں کے نتیجے میں ٹیلی کمیونیکیشن (باقی صفحہ 3 نمبر31)

پٹرول 400 روپے فی لیٹر تک پہنچنا تاریخ کا بدترین ظلم ہے، ٹرانسپورٹرز

مہنگے پٹرول نے ٹرانسپورٹ کا پہیہ چلانا مشکل بنا دیا، کرایوں میں اضافہ ناگزیر ہوگا، حبیب بادیزئی، اکبر لہڑی

کوئٹہ (جی این ایم) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی اور دیگر رہنماؤں نے پٹرول کی فی لیٹر قیمت 400 روپے تک پہنچنے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام، ٹرانسپورٹرز، مزدوروں اور کاروباری طبقے کیلئے ناقابل برداشت بوجھ بن (باقی صفحہ 3 نمبر30)

گوادر اور جیونی سے تشدد زدہ تین لاشیں برآمد، دو کی شناخت ہوگئی

لواحقین کے مطابق جاں بحق ہونے والے دونوں افراد ماضی میں مبینہ حراست میں لاپتہ کیے گئے تھے، لاشیں اسپتال منتقل

گوادر/جیونی (جی این ایم) گوادر اور جیونی کے مختلف علاقوں سے تشدد کے نشانات والی تین لاشیں برآمد ہوئی ہیں، جن میں سے دو کی شناخت احسان بلوچ اور حسن رفیق کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ تیسری لاش کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق ہلاک شدگان میں سے ایک کا تعلق جیونی، ایک کا گوادر جبکہ ایک کا تربت سے بتایا جاتا ہے۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 3 نمبر29)



کوئٹہ، پاکستان جرنلسٹس آگاہی مہم کے سلسلے میں صدر محمد انیس جمالی شاہد مگسی اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

اسرائیل اور مراکش کا سفارتی تعلقات بڑھانے کا اعلان

نیویارک (جی این ایم) اسرائیل اور مراکش نے سفارتی تعلقات بڑھانے کا اعلان کرتے ہوئے ایک دوسرے کے ملکوں میں سفارتخانے کھولنے اور سفیر تعینات کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ کے درمیان (باقی صفحہ 3 نمبر47)

اسرائیلی حکومت اپنے دوستوں کو کھو رہی ہے، برطانوی وزیر خارجہ

لندن (جی این ایم) برطانوی وزیر خارجہ نے کہا کہ اسرائیلی حکومت غزہ کی پٹی اور مغربی کنارے میں اپنے اقدامات کی وجہ سے دوستوں اور اتحادیوں کو کھو رہی ہے۔ وزیر خارجہ ایڈ ملی بینڈ نے برطانیہ میں ایک پوڈ کاسٹ میں کہا کہ اسرائیلی حکومت دوستوں کو کھو رہی ہے۔ اسے اتحادی نہیں مل رہے ہیں؛ اس نے اتحادیوں کو کھو دیا ہے۔ انہوں نے نوٹ کیا کہ مقبوضہ مغربی کنارے میں (باقی صفحہ 3 نمبر44)



کوئٹہ، وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی، نادر گل برنچ ڈیف ریچ سکولز، ٹریننگ سینٹر و کالج کا افتتاح کررہے ہیں

پاک فوج کی امریکی ڈرون کمپنی کے ساتھ مفاہمت، ابتدائی آرڈر بھی دے دیا

مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط ہوئے جس میں ڈرونز سے متعلق ایک ابتدائی آرڈر بھی شامل ہے

اسلام آباد (جی این ایم) امریکی ڈرون ساز کمپنی 'پاورس' (Powerus) نے پاک فوج کے ساتھ مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے ہیں جس میں ڈرونز سے متعلق ایک ابتدائی آرڈر بھی شامل ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی رائٹرز کے مطابق کمپنی کے شریک بانی بریٹ (باقی صفحہ 3 نمبر5)

امریکی سینیٹر کا اسرائیل کو 2.8 ارب ڈالرز کے ہتھیاروں کی منتقلی روکنے کا عزم

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی سینیٹر کرس وان ہولن نے اسرائیل کے لیے ٹرمپ انتظامیہ کے مجوزہ 2.8 ارب ڈالرز کے اسلحہ پیکیج کو روکنے کا عزم ظاہر کیا ہے اور سوال اٹھایا ہے کہ غزہ میں جاری تشدد کے دوران امریکی ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے فوجی کارروائیوں کی مالی (باقی صفحہ 3 نمبر2)

اسلام آباد، سانحہ پمز میں بچ جانے والی واحد بچی بھی زندگی کی بازی ہار گئی، تعداد 15 ہوگئی

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد پمز اسپتال میں 14 بچوں کے جاں بحق ہونے کے واقعے میں بچ جانیوالی واحد بچی ایزل بھی زندگی کی بازی ہار گئی۔ اسلام آباد کے پمز اسپتال میں آگ لگنے کے دوران نرس نے بچی کو بچالیا تھا جس کے بعد وہ آئی سی یو میں زیر علاج تھی۔ تاہم اب وہ بچی ایزل انتقال کرگئی ہے۔ بچی کی والدہ آصفہ بی بی کا کہنا ہے کہ بچی 6 ماہ 10 دن (باقی صفحہ 3 نمبر4)

سعودی عرب کی جانب سے عمان کے راستے اضافی خام تیل کی فراہمی کی پیشکش

برینٹ خام تیل کی قیمت 1.24 ڈالر، یا 1.2 فیصد کمی کے بعد 104.59 ڈالر فی بیرل پر آ گئی

جدہ (جی این ایم) مشرق وسطی میں تیل کی سپلائی متاثر ہونے کے خدشات کم ہونے کے بعد جمعرات کو عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔ بی بی سی (باقی صفحہ 3 نمبر1)

افغان طالبان رجیم کیخلاف مزاحمتی محاذ مزید متحرک

قندھار اور ہلمند میں کارروائیوں میں طالبان رجیم کے 3 اہلکار ہلاک اور 2 کلاشنکوف رائفلیں ضبط

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان کیخلاف مسلح مزاحمت میں شدت اختیار کرگئی۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے قندھار اور ہلمند میں کارروائیوں کے دوران 3 (باقی صفحہ 3 نمبر3)



کراچی: مکہ مکرمہ پر حملے کے بعد پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

سیاست و جمہوریت کا مستقبل بحرانی کیفیت سے دوچار ہے، مولانا حیدری

آئین پر من و عن عملدرآمد معاشرے میں امن و استحکام کو یقینی بناتا ہے، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ غیر آئینی اقدامات نے ہمیشہ ملک کو بحرانوں اور مسائل سے دوچار کیا آئین پر من و عن عملدرآمد معاشرے میں امن و استحکام کو یقینی بناتا ہے آئین کی پاسداری کرنے کی دعویداروں نے سیاسی مزاحمت سے آئین کو پاؤں تلے روندا ہے محاذ آرائی سے سیاست (باقی صفحہ 3 نمبر7)

بلوچستان فورسز کی کارروائیاں 3 دہشتگرد ہلاک اسلحہ برآمد

بلوچستان میں قیام امن کیلئے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوت پرعزم ہیں دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتا ہوں

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی مسلسل اور موثر کارروائیوں کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو بھاری نقصان کا سامنا ہے، محسن نقوی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی مختلف کارروائیوں میں 3 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، جن کے قبضے سے بھاری اسلحہ برآمد کرلیا گیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ضلع آواران کے علاقے بدرنگ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 3 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ ذرائع نے بتایا کہ کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر6)



کوئٹہ، وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی و دیگر تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ خصوصی انٹرایکشن سے خطاب کررہے ہیں

سعودی عرب کی سلامتی پر حملہ پوری امتِ مسلمہ پر حملہ ہے، صدیق مدنی

مقدس سرزمین کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا تحفظ کسی ایک ملک کا نہیں، ممبر یوتھ پارلیمنٹ

چمن (جی این ایم) بلوچستان کے معروف دینی درسگاہ مدرسہ عربیہ بحرالعلوم محلہ مولوی فتح محمد چمنی نور اللہ مرقدہ گھوڑا ہسپتال روڈ چمن میں منعقدہ ایک تقریب سے جمعیت علماء اسلام کے رہنما اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی، حافظ حضرت علی، ملا نورالدین اور حافظ سیف الرحمان صدیق خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی اور تحفظ پوری (باقی صفحہ 3 نمبر10)

بھاگ ناڑی، مہنگائی میں ہوشربا اضافہ آٹا چینی دالیں سبزیاں عوام کی پہنچ سے دور

ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروشوں نے مصنوعی مہنگائی کر کے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں دگنا اضافہ کر دیا

بھاگ ناڑی (جی این ایم) مہنگائی میں ہوش ربا اضافہ آٹا چینی دالیں سبزیاں اور گوشت کی قیمتیں شہریوں کی دسترس سے باہر پرائس کنٹرول کمیٹی غائب مصنوعی مہنگائی سے شہری پریشان رپورٹ کے مطابق ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروشوں نے مصنوعی مہنگائی کر کے اشیاء خورد و نوش وضروریہ کے من مانے مقرر کر رکھے ہیں آٹے کی فی کلو قیمت 40 روپے اضافے کے بعد 20 کلو (باقی صفحہ 3 نمبر12)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کبریٰ یٰسین کا ماہانہ بینوولنٹ فنڈ جاری

بقایاجات کی مد میں رقوم ادا کروا دیے گئے منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (جی این ایم) درخواست گزار کبریٰ یٰسین نے بتایا کہ انہوں نے بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمے کو کئی بار درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ (باقی صفحہ 3 نمبر17)

کوئٹہ پریس کلب اور بی یو جے کا سینئر صحافی نصیر احمد پر مسلح افراد کے تشدد کی شدید مذمت

تصفیہ کرانے جانے والے صحافی اور دیگر افراد پر حملہ آور ہو کر سنگین نتائج کی دھمکیاں دی گئیں، پولیس ملزمان کو فوری گرفتار کرے

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ پریس کلب اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی جانب سے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف (جی این ایم) نیوز ایجنسی نصیر احمد پر مسلح افراد کی کے تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت بی یو جے اور پریس کلب نے پولیس سے ملزمان کے (باقی صفحہ 3 نمبر19)

سوئی سدرن گیس کمپنی نے سبی کے گیس صارفین کی مشکلات میں اضافہ کر دیا

سبی میں لگائی جانے والی کھلی کچہری میں عوام کی گیس کے حوالے سے شکایات کا ازالہ بھی نہ ہوسکا

سبی (اے این این) سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے سبی کے گیس صارفین کی مشکلات میں اضافہ کر دیا گیا صبح دوپہر شام کو صرف ایک گھنٹے گیس کی سپلائی سمیت گیس پریشر کی کمی سے امور خانہ داری بری طرح متاثر بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلے کے باوجود سبی کے صارفین کو گیس کے بلوں میں ریلیف نہ مل سکا سبی میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے سبی (باقی صفحہ 3 نمبر21)

سبی، میونسپل کمیٹی کے سینکڑوں ملازمین ماہانہ تنخواہوں سے محروم مشکلات کا سامنا

تنخواہوں سے محروم کنٹی جنسی فنڈز سے بند ملازمین سمیت میونسپل کمیٹی سبی شدید مالی بحرانوں کا شکار

سبی (اے این این) میونسپل کمیٹی کے سینکڑوں ملازمین ماہانہ تنخواہوں سے محروم کنٹی جنسی فنڈز سے بند ملازمین سمیت میونسپل کمیٹی سبی شدید مالی بحرانوں کا شکار پیٹرول کی مد میں لاکھوں روپے کے مقروض جبکہ ملازمین کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے اسکولوں کی فیسو (باقی صفحہ 3 نمبر22)



کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان بزرگ وسینئر بابا کو اعلیٰ خدمات سرانجام دینے پر اپنے ذاتی خرچ سے سائیکل دے رہے ہیں

ایلمنٹری کالج کی نئی عمارت میں منتقلی جلد مکمل کی جائے، یاسر اقبال دشتی

کالج میں پانی، بجلی اور دیگر بنیادی سہولیات یقینی بنائی جائیں

تربت (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ایلمنٹری کالج تربت کی نئی عمارت میں منتقلی، تعمیراتی کاموں کی تکمیل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کالج کی نئی عمارت میں منتقلی کے عمل کو جلد مکمل کرنے، درپیش مسائل کے حل اور ضروری سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد، ڈی ای او اصغر علی، ایلمنٹری کالج کی ٹیچر میڈم سمیہ، ٹھیکیدار زبیر احمد (باقی صفحہ 3 نمبر25)

ایران جنگ پر امریکی وزیر دفاع کے مواخذے کی قرارداد پیش، ووٹنگ نہ ہوسکی

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی ری پبلکن رکن کانگریس تھامس میسی نے اپنی ہی پارٹی کے وزیر جنگ وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کے خلاف مواخذے کی قرارداد ایوان نمائندگان میں پیش کی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایوان نمائندگان کے ری پبلکن رکن نے وزیر جنگ (باقی صفحہ 3 نمبر9)

پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت آن لائن بکنگ کا عمل مکمل، مزید تقریبا 60 ہزار نشستیں باقی رہ گئیں

اسلام آباد (جی این ایم) پرائیویٹ حج اسکیم میں درخواست دینے کے خواہشمند افراد کے لئے اہم خبر آ گئی، صرف 60 ہزار نشستیں باقی رہ گئی۔ تفصیلات کے مطابق وزارت مذہبی امور نے بدھ کے روز بتایا ہے کہ اگلے سال کے حج کے لیے پرائیویٹ حج اسکیم کے تحت 11 ہزار (باقی صفحہ 3 نمبر13)

ملک میں امن ہوگا تو انویسٹمنٹ بھی آئے گی: حافظ طاہر اشرفی

لاہور (جی این ایم) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ تمام انسانیت کا مستقبل امن سے وابستہ ہے۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج دنیا کو سب (باقی صفحہ 3 نمبر16)

27 ستمبر کو تحریک انصاف اسلام آباد نہیں پہنچے گی: فیصل کریم کنڈی

لاہور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو تحریک انصاف اسلام آباد نہیں پہنچے گی۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر پی ٹی آئی اسلام آباد پہنچ جاتی ہے تو (باقی صفحہ 3 نمبر20)

عارف علوی کو الاٹ گھر نہ ملنے کا معاملہ، سندھ ہائیکورٹ نے فیصلہ محفوظ کرلیا

کراچی (جی این ایم) سندھ ہائیکورٹ نے سابق صدر عارف علوی کو الاٹ شدہ گھر نہ ملنے سے متعلق درخواست پر فریقین کے وکلا کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔ درخواست گزار سابق صدر عارف علوی کا موقف ہے کہ باتھ آئی لینڈ میں انہیں الاٹ کئے گئے گھر پر سابق کسٹم ملازم کا قبضہ ہے اور سابق صدر کی حیثیت (باقی صفحہ 3 نمبر23)

لورالائی، انتظامیہ کی شہر میں تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی، غیر قانونی سامان ضبط اور جرمانے عائد

ٹریفک کی روانی متاثر کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی، ڈی سی حبیب شجاع

لورالائی (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) حبیب شجاع اور ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد کی خصوصی ہدایات پر شہر میں ٹریفک کی روانی، عوامی گزرگاہوں کی بحالی اور غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے کے لیے بھرپور کارروائی کی گئی۔ آپریشن ایس ڈی پی او لورالائی غلام اکبر کی نگرانی میں ٹریفک سارجنٹ عبدالجبار اتمانخیل نے ٹریفک پولیس، پولیس اور میونسپل (باقی صفحہ 3 نمبر8)

حقیقی نمائندوں کے بغیر عوامی مسائل کا موثر حل ممکن نہیں، میر نعیم عمرانی

پٹ فیڈر اور کیرتھر کینال میں پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جائے

گنداخہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام کے مرکزی جنرل کونسل کے رکن و ضلعی جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے کہا ہے کہ جب تک حقیقی عوامی نمائندے منتخب ہوکر اسمبلیوں میں نہیں پہنچیں گے، عوام کے بنیادی مسائل کا مؤثر حل ممکن نہیں۔ فارم 47 کے ذریعے آنے والے نمائندے عوامی مسائل کی مؤثر ترجمانی میں ناکام دکھائی دے رہے ہیں، جس کے باعث نصیرآباد ڈویژن (باقی صفحہ 3 نمبر14)

کوئٹہ: بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کو پروفیشنل ٹیکس کی رجسٹریشن وادائیگی کے نوٹسز

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی کارروائی، کاروباری افراد کو ٹیکس قوانین پر بروقت عملدرآمد کی ہدایت

چمن (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کے وژن کے تحت، چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم نے بیکریوں اور مٹھائی کی دکانوں کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران نانی جان، کیک اینڈ کوکیز، ایل ڈوراڈو اور دیگر بیکریوں وسوئیٹس شاپس کو بلوچستان پروفیشنز، ٹریڈز، کالنگز اینڈ (باقی صفحہ 3 نمبر15)

حب پولیس کی کارروائی پولیس مقابلے میں مطلوب ملزم ہلاک

گینگ کے سرغنہ اور 12 سے زائد مقدمات میں مطلوب ڈاکو جاوید بروہی مطلوب تھے

حب (جی این ایم) ایس ایس پی حب مرزا بلال حسن کی ہدایت پر وندر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پولیس مقابلے کے دوران گینگ کے سرغنہ اور 12 سے زائد مقدمات میں مطلوب ڈاکو جاوید بروہی کو ہلاک جبکہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کرلیا ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق وندر پولیس نے مطلوب ملزمان کے خلاف کارروائی کی، اس دوران (باقی صفحہ 3 نمبر18)



کوئٹہ، خلجی قبائل کے معتبرین شبیر عالم خلجی کی عدم بازیابی کے سلسلے میں صادق خان خلجی، جمعہ خان خلجی، وزیر خان خلجی اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

پاکستان سے یورپ کی جانب غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد ریکارڈ کمی ہوئی، محسن نقوی

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے ڈائریکٹر جنرل انٹرنیشنل سنٹر فار مائیگریشن پالیسی ڈویلپمنٹ سوزین راب اور یورپی یونین کی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی "فرنٹیکس" کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہانس لیٹنس کی الگ الگ ملاقات ہوئی جس میں غیر قانونی (باقی صفحہ 3 نمبر40)

جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے ترجمان عبدالغنی شہزاد کی سینئر صحافی نصیر احمد کاکڑ پر تشدد کی شدید مذمت

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان عبدالغنی شہزاد نے سینئر صحافی اور یو این اے کے بیورو چیف نصیر احمد کاکڑ کے ساتھ ہونے والی زیادتی اور مبینہ طور پر تشدد کا نشانہ بنانے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافی (باقی صفحہ 3 نمبر38)

مانسہرہ، مکان پر آسمانی بجلی گرنے سے 2 بہنیں جاں بحق

مانسہرہ (جی این ایم) وادی منور سیریاں میں آسمانی بجلی گرنے سے دو بہنیں جاں بحق ہوگئیں جبکہ گھر مکمل تباہ ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع مانسہرہ کے علاقے وادی منور سیریاں میں آسمانی بجلی گرنے کا المناک (باقی صفحہ 3 نمبر36)

اسلام آباد میں احتجاج روکنے کیلئے کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ، ادویات بھرے کنٹینرز بھی ضبط

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد میں احتجاج روکنے کیلئے کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ شروع ہوگئی۔ کنٹینر مالکان کا کہنا ہے کہ اسلام آباد پولیس نے ادویات سے بھرے کنٹینرز بھی تحویل میں لے لیے۔ کنٹینر مالکان نے کہا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر34)

آبنائے ہرمز کے قریب امریکی عملے والے جہاز پر ایرانی حملہ، متعدد افراد زخمی

واشنگٹن (جی این ایم) آبنائے ہرمز کے قریب امریکا کے لئے خدمات انجام دینے والے ایک بحری جہاز کو ایرانی ڈرونز اور میزائل سے نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں جہاز پر موجود بعض امریکی اہلکار زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حملے میں چار ایرانی ڈرونز اور کم از کم ایک میزائل استعمال کیا گیا۔ ایک میزائل یا (باقی صفحہ 3 نمبر33)

افغانستان سے دہشتگردی کے خطرات پر دفاع میں کارروائی کرینگے: عاصم افتخار

پاکستان اس دہشت گردانہ یلغار کے سامنے خاموش نہیں بیٹھ سکتا، یہ کارروائی بین الاقوامی قانون کے مطابق ہوگی

افغانستان ایک بار پھر دہشت گرد گروہوں کے لئے محفوظ پناہ گاہ بن چکا، اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا سلامتی کونسل اجلاس میں اظہار خیال

نیویارک (جی این ایم) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر واضح کر دیا ہے کہ افغانستان سے اٹھنے والے دہشت گردانہ خطرات کے خلاف وہ ضرورت پڑنے پر اپنے دفاع میں کارروائی کرے گا، اور یہ کارروائی بین الاقوامی قانون کے مطابق ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے سلامتی کونسل کے اجلاس کے دوران کیا، جس میں طالبان کے کابل پر قبضے کے پانچ سال بعد افغانستان کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ پاکستانی مستقل مندوب نے کہا کہ پاکستان اس دہشت گردانہ یلغار کے سامنے خاموش نہیں بیٹھ سکتا۔ ہم ضرورت پڑنے پر اپنے دفاع میں اور بین الاقوامی قانون کے مطابق جواب دیں گے، ہم ہر اس شخص کے خلاف اپنا دفاع کریں گے جو ہمارے شہریوں اور ہماری قومی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی (باقی صفحہ 3 نمبر24)

آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کی تعداد میں نمایاں کمی

تہران (جی این ایم) آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کی تعداد میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ابتدائی بحری نقل و حرکت کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ روز آبنائے ہرمز سے صرف تین کموڈیٹی بردار جہاز گزرے (باقی صفحہ 3 نمبر28)

پنجگور، ڈپٹی کمشنر جہانزیب بلوچ کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

بی ایس ڈی آئی کے تحت 30 اسکول شامل، 70 شیلٹرلیس اسکول ورلڈ بینک منصوبے کا حصہ بنیں گے

پنجگور (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر پنجگور جہانزیب بلوچ کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع پنجگور میں تعلیم کے شعبے کی مجموعی صورتحال، جاری منصوبوں اور تعلیمی اداروں سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ BSDI منصوبوں کے تحت 30 اسکولوں کو شامل کیا گیا ہے، جبکہ 70 شیلٹرلیس اسکولوں کو ورلڈ بینک (باقی صفحہ 3 نمبر27)

وزیراعلیٰ کا صحافی نصیر کاکڑ پر تشدد کے واقعے کا نوٹس، ملزم ملک باری کاکڑ کیخلاف مقدمہ درج

کوئٹہ (جی این ایم) صحافی نصیر کاکڑ پر مبینہ تشدد کے واقعے کا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوٹس لیتے ہوئے پولیس حکام کو فوری کارروائی کی ہدایت کردی، جس پر کوئٹہ پولیس نے ملزم ملک باری کاکڑ کے خلاف تھانہ (باقی صفحہ 3 نمبر26)



کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی مدد جتک، حاجی نور محمد رخشانی اور صدام خان اچکزئی اپنے حلقے پی بی 45 دورے کے موقع پر علاقہ معتبرین سے خطاب کررہے ہیں